تَبَرَّعَ (بِـ) : أَعْطَی : خیرات دینا۔ بخشنا۔

تَبَرَّعَ (بِـ) : تَطَوَّعَ : رضا کارانہ کام کرنا۔

تَبَرُّع : أَعْطَاء، مَنْح : خیرات دینا۔ عطیہ دینا۔ چندہ دینا۔

تَبَرُّع : عَطِیَّة، مِنْحَة : خیرات۔ چندہ۔ عطیہ۔ بخشش۔ تحفہ۔

تَبَرُّع : تَطَوُّع : رضا کارانہ کام کرنا۔

تَبَرْعَمَ : أَخْرَجَ بَرَاعِمَهُ : شگوفے نکلنا۔ شاخیں پھوٹنا۔ کونپلیں آنا۔

تَبَرَّکَ بِـ نَالَ بَرَکَتَهُ : برکت حاصل ہونا یا حاصل کرنا۔

تَبَرَّکَ بِـ : تَفَاءَلَ : نیک فال لینا۔ اچھا شگون لینا۔

تَبَرَّمَ (بِـ أو مِنْ) : سَئِمَ، ضَجِرَ : بیزار ہونا۔ اکتا جانا۔ آزاد ہونا۔

تَبَرُّم : ضَجَر، مَلَل : اکتاہٹ۔ بیزاری۔ ملال۔

تَبَرُّم : سُخْط : بے اطمینانی۔ بے سکونی۔

تَبَرُّم : تَذَمُّر : شکایت کرنا۔ بڑبڑانا۔

تِبْرِیَة : قِشْرَةُ الرَّأْس : سر کی خشکی۔

تَبْرِید : جَعْلُ الشَّیْءِ بَارِداً : ٹھنڈا کرنا۔ یخ کرنا۔ یخ بستہ کرنا۔

تَبْرِید : تَکْیِیفُ الهَوَاء : ٹھنڈی ہوا دینا۔ جگہ کو ٹھنڈا کرنا۔

تَبْرِید (الأَلَمِ ألخ) : تَسْکِین، تَخْفِیف : تسکین دینا۔ تکلیف میں آرام دینا۔ راحت پہنچانا۔

مَعْمَلُ تَبْرِید : کولڈ اسٹوریج پلانٹ۔

تَبْرِیر : تَسْوِیغ : جائز قرار دینا۔ توجیہ کرنا۔ تائید اور پشت پناہی کرنا۔

تَبْرِیک : بَرَکَة : برکت دینا۔ مبارک دینا۔

تَبْرِیک : تَمَنِّیَاتٌ طَیِّبَة : مبارک بادی دینا۔

تَبَسَّمَ : اِبْتَسَمَ : مسکرانا۔

تَبَسُّم : اِبْتِسَام : مسکراہٹ۔

تَبْسِیط : سادہ اور آسان بنانا۔

تَبَشَّعَ : قَبُحَ : بدشکل ہو جانا۔

تَبْشِیر : تَبْلِیغُ البُشْرَی : بشارت دینا۔

تَبْشِیر (بِمَذْهَبِ ألخ) : تبلیغ دین۔

تَبْشِیرِیّ : تبلیغی۔ مشنری۔

تَبَصَّرَ (فی) : تَأَمَّلَ : غور و فکر کرنا۔ سوچ بچار کرنا۔ وقت نظر سے دیکھنا۔

تَبَصَّرَ : تَمَعَّنَ فی : باریک بینی سے دیکھنا۔ احتیاط سے دیکھنا۔

تَبَصُّر : بَصِیرَة، فِطْنَة۔ رک بہ بَصِیرَة۔

تَبَصُّر : تَأَمُّل : غور و فکر۔ سوچ بچار۔

تَبْصِیر : قِرَائَةُ البَخْت : بخوبی۔ قسمت کا حال بتانا۔ پیش گوئی کرنا۔

تَبَضَّعَ : تَسَوَّقَ، اِشْتَرَی : دکانداری کرنا۔ خریدنا۔ خریداری کرنا۔

تَبَضُّع : تَسَوُّق، شِرَاء : دکانداری۔ خریداری۔

تَبَطَّحَ : اِنْبَطَحَ : اوندھا لیٹنا۔ منہ نیچے کر کے لیٹ جانا۔

تَبَطُّح : اِنْبِطَاح : نیچے لیٹنا۔ سجدہ کرنا۔

تَبَطَّلَ : تَعَطَّلَ : بیکار ہونا۔ سست ہونا۔ بے روزگار ہونا۔

تَبَطُّل : تَعَطُّل، بَطَالَة : سستی۔ بے روزگاری۔

تَبِعَ : تَلَا، جَاءَ بَعْدَهُ : بعد میں آنا۔ پیروی کرنا۔

تَبِعَ : مَشَی خَلْفَهُ : پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا۔

تَبِعَ : تَابَعَ، لَاحَقَ : پیچھا کرنا۔ پیچھے دوڑنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَبِعَ : سارَ علی، تَبَنّی : پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ اختیار کرنا۔ اپنانا۔

تَبِعَ : لازَمَ، تَعَلَّقَ بِـ، لَمْ يُفارِقْهُ : چمٹنا۔ ساتھ لگنا۔ قریب رہنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔ تعاقب کرنا۔ ہانکا کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رکھنا۔

تَبِعَ : اِلْتَزَمَ، تَقَيَّدَ بِـ : منانا۔ تعمیل کرنا۔ پابندی کرنا۔

تَبِعَ : أَطاعَ : اطاعت کرنا۔ پیروی کرنا۔

تَبِعَ : اِقْتَدَى بِـ : اقتداء کرنا۔ پیروی کرنا۔

تَبَّعَ بِـ : أَلْحَقَ۔ رک به اِتَّبَعَ بِـ.

تَبَعَ : اِتِّباع۔ رک به اِتِّباع.

تَبَع : مَرْؤُوس۔ رک به تابع.

تَبَعاً : پیروی کرتے ہوئے۔ مطابقاً۔ بموافق۔ بمطابق۔ بمرجب، پیش نظر۔

تِبْع : مَرْؤُس :۔ رک بهتابع.

تِبْعاكِ۔ رک به تَبَعاكِ.

تَبِعَة : مُسْؤُولِيَّة : ذمہ داری۔

تَبِعَة : عاقِبَة، نَتِيجَة : نتیجہ۔ انجام۔

تَبَعْثَرَ : بے ترتیب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ الٹ پلٹ ہونا۔ منتشر ہونا۔ بکھر جانا۔

تَبَعِيّ : تابِع : ذیلی۔ ماتحت۔ ضمنی۔ معاون۔ امدادی۔ عارضی۔ تحتی۔ انحصار۔ غلامی۔

تَبَعِيَّة : جِنْسِيَّة : قومیت۔

تَبْغ، تَبَغ، تِبْغ : تمباکو۔

تَبَقّى : بَقِيَ : باقی رہنا۔ بچ جانا۔ پیچھے رہ جانا۔

تَبْكِيت : تَوْبِيخ : ملامت کرنا۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔ لعنت کرنا۔

تَبْكِيتُ الضَّمِير : نفس کا ملامت کرنا۔

تَبْكِير : سویر کرنا۔ جلدی کرنا۔

تَبَلَّ : أَضافَ التَّوابِلَ إِلَى : مرچ مصالحہ ڈالنا۔

تَبَلْبَلَ : تَشَوَّشَ، اِضْطَرَبَ : پریشان ہونا۔ تشویش لاحق ہونا۔ فکرمند ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ طے نہ ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔

تَبَلْبُل۔ رک به بَلْبَلَة.

تَبَلَّدَ : تَأَقْلَمَ، تَعَوَّدَ : ڈھل جانا۔ عادی ہونا۔

تَبَلَّدَ : أَصْبَحَ بَلِيداً : کند ذہن ہونا۔

تَبَلَّدَ : تَأَقْلَمَ، تَكَيَّفَ : ڈھل جانا۔ عادی ہونا۔ عات بنالینا۔

تَبَلُّد : بَلادَة۔ رک به بَلادَة.

تَبَلَّرَ، تَبَلُّر۔ رک به تَبَلُّور، تَبَلْوُر.

تَبَلَّلَ : نم دار ہونا۔ نمی ہونا۔ گیلا یا تر ہونا۔ مرطوب ہونا۔

تَبَلَّلَ : بِلَّة، نَداوَة۔ رک به بَلَل.

تَبَلْوَرَ : صاف شفاف ہونا۔ بلوریں ہونا۔

تَبَلْوُر.

تَبْلِيط : مَصْدَر بَلَّطَ : فرش ڈالنا۔ فرش پر ٹائیلیں لگانا۔ فرش پختہ کرنا۔

تَبْلِيغ۔ رک به اِبْلاغ.

تَبَنَّ (التَّبَنِّي) : اِتِّخاذُ وَلَدٍ : متبنی بنانا۔ لے پالک بنانا۔

تَبَنَّى الفِكْرَةَ أَو القَضِيَّةَ : کوئی نظریہ یا قضیہ اپنانا۔

بِالتَّبَنِّي : لے پالک بیٹا اور منہ بولا باپ۔

تِبْن : چارہ۔ بھوسی۔ گھاس۔

تَتَبَنَّى وَلَداً : لے پالک بچہ لینا۔

تَبَنَّى فِكْرَةً أَو قَضِيَّةً : نظریہ قضیہ اپنانا۔

تِبْنِيّ : تنکا بھر۔ تنکے کے رنگ کا۔

تَبْنِيج : تَخْدِير : بے ہوش کرنا۔ بے حس کرنا۔

تَبْنِيجِيّ : تَخْدِيرِيّ : نارکوٹک۔ نشہ لانے والا۔ بے حس کرنے والا۔

تَبَهْرَجَ : تَزَيَّنَ : سننا سنورنا۔ آراستہ و پراستہ ہونا۔ زیب و زینت کرنا۔

تَبَوَّأَ : شَغَلَ (مَنْصِباً أَلخ) : منصب سنبھالنا۔ منصب پر سرفراز ہونا۔

تَبَوَّأَ : تَقَلَّدَ (مَنْصِباً أَلخ) : سنبھالنا۔ پکڑنا۔ تھامنا۔ گلے لینا۔ ذمے لینا۔

تَبَوَّأَ الحُكْمَ : اقتدار میں آنا۔ حکومت حاصل ہونا۔

تَبَوَّأَ العَرْشَ : تخت نشین ہونا۔ گدی نشین ہونا۔

تَبَوَّلَ : بَوَّلَ : پیشاب کرنا۔

تَبَوُّل : تَبْوِيل : پیشاب کرانا۔

تَبْوِيب : مَصْدَر بَوَّبَ : باب بندی کرنا۔ ترتیب وار رکھنا۔

تَبْيان، تِبْيان۔ رک به تَبْيِين.

تَبَيَّنَ (الأَمْرُ) : ظَهَرَ، اِتَّضَحَ۔ رک به بانَ.

تَبَيَّنَ (الأَمْرَ) : تَعَرَّفَهُ، أَدْرَكَهُ : بات واضح ہونا۔ معلوم ہونا۔ یقین ہونا۔ مطلع ہونا۔ تصور کرنا۔

تَبْيِيت (شطرنج) : شطرنج میں بادشاہ اور رخ سے حریف کے بادشاہ کو نرگے میں لینا۔

تَبْيِيض : ضِدّ تَسْوِيد : صاف کر کے لکھنا۔ ضد مسودہ بنانا۔

تَبْيِيضُ الأَقْمِشَة : کپڑے دھو کر سفید کرنا۔ یا صاف کرنا۔

تَبْيِيضُ الآنِيَةِ النُّحاسِيَّة : تانبے کے برتنوں کو قلعی کرنا۔

تَبْيِيضُ الجُدْران : دیواروں پر قلعی یا سفیدی کرنا۔

تَبْيِيضُ النُّسْخَةِ المَكْتُوبَة : لکھا ہوا مشوہ صاف کر کے لکھنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَبْیِین : اِظْهار، اِیْضاح : دکھانا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ تشریح کرنا۔ وضاحت دینا۔ صفائی پیش کرنا۔

تَتَابَع : پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا۔ جاری رکھنا۔

تَتَابُع : جاری رکھنا۔ استمرار

بِالتَّتَابُع، علی التَّتَابُع : تتبع میں۔ پیروی میں۔ تواتر یا تسلسل میں۔ بسلسلہ۔ جاری رکھتے ہوئے۔

تَتَالٍ (التَّتَالِی) : تسلسل۔ تواتر۔ استمرار

بِالتَّتَالِی، علی التَّتَالِی : پیروی میں۔ بتواتر۔ تسلسل۔

تَتَالَی : تواتر۔ تسلسل۔ پیروی کرنا۔ جاری رکھنا۔ جاری رہنا۔

تَتَبَّعَ : تَبِعَ، لَاحَقَ : ساتھ لگنا۔ پیروی کرنا۔ ملحق ہونا۔ متصل ہونا۔ پیچھے دوڑنا۔ پیچھا کرنا۔

تَتَبَّعَ : رَاقَبَ، لَاحَظَ : نگرانی کرنا۔ پیچھا کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ نظر رکھنا۔

تَتْرَی : الواحِدُ بَعْدَ الآخَر : ایک کے بعد دوسرا۔ یکے بعد دیگرے۔

تَتَلْمَذَ : شاگردی کرنا۔ سیکھنا۔ تربیت پانا۔

تَتِمَّة : تکملہ۔ تتمہ۔ خاتمہ۔ ضمیمہ۔ نتیجہ۔ اختتام۔

التَّتِمَّةُ فِی الصَّفْحَةِ کَذَا : جاری بر صفحہ نمبر۔

تَتْوِیج (الشَّخْص) : تاج پوشی۔ گدی نشینی۔

تَتْوِیج (الشَّیْء) : تاج پہنانا۔ ٹوپی پہنانا۔

تَثَاءَبَ : جمائی لینا۔

تَثَاؤُب : جمائی۔

تَثَاقَلَ (عن) تَوَانَی : سست پڑ جانا۔ ڈھیلا پڑنا۔

تَثَاقَلَ علی : ضَایَقَ : گراں گزرنا۔ پریشان کرنا۔ تکلیف دینا۔ ناراض کرنا۔

تَثَبَّتَ مِنْ : تَحَقَّقَ، تَأَکَّدَ : یقینی بنانا۔ تحقیق کرنا۔ چیک کرنا۔

تَثْبِیت : مَصْدَر ثَبَّتَ : گاڑھنا۔ ٹکانا۔ پکا کرنا۔ مستحکم کرنا۔

تَثْبِیط : حوصلہ شکنی کرنا۔ دل توڑنا۔ مایوس کرنا۔

تَثَقَّفَ : تعلیم یافتہ ہونا۔ مہذب ہونا۔

تَثْقِیف : تعلیم دینا۔ تربیت کرنا۔ مہذب بنانا۔ سکھانا۔

تَثَلَّجَ : یخ بستہ کرنا۔ برف بنانا۔

تَثْمِیر۔ رک بہ اِسْتِثْمار۔

تَثْمِین : اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا۔ قیمت لگانا۔ مول لگانا۔

تَثَنَّی : اِنْطَوَی، اِنْعَطَفَ۔ رک بہ اِنْثَنَی۔

تَثَنَّی فِی مَشْیِهِ : جھولنا۔ جھومنا۔ لڑکھڑانا۔

تَثْنِیَة : مُضَاعَفَة : دوہرا کرنا۔ دگنا کرنا۔ دہرائی

تَثْنِیَة (علی اقْتِرَاح) : تائید مزید کرنا۔

تَجَادَلَ : دلیل دینا۔ حجت بازی کرنا۔ بحث مباحثہ کرنا۔

تَجَاذَبَ : جَذَبَ کُلٌّ مِنْهُمَا الآخَرَ : ایک دوسرے کو کھینچنا۔

تَجَاذَبُوا أَطْرَافَ الحَدِیث : گفتگو کرنا۔ ہر پہلو پر بات کرنا۔

تِجَارَة : مُتَاجَرَة : تجارت۔ کاروبار لین دین۔

تِجَارَةُ التَّجْزِئَة أو المُفَرَّق : پرچون کا کاروبار۔

تِجَارَةُ الجُمْلَة : تھوک کا کاروبار۔

تِجَارِیّ : تجارتی۔ کاروباری۔

تَجَاسَرَ (علی) : جَرُؤَ، اِجْتَرَأَ : جرائت کرنا۔ جسارت کرنا۔ دلیری کرنا۔ بیتابی کرنا۔

تَجَاسُر۔ رک بہ جَسَارَة۔

تَجَاعِید : جھریاں ڈالنا۔ پٹیاں بنانا۔ مینڈھیاں بنانا۔

تَجَافَی رک نہ بہ جَفَا۔

تَجَانَسَ : تَمَاثَلَ، تَشَابَهَ : ہم جنسیت۔ ہم جنس ہونا۔ یکساں ہونا۔ ہم شکل ہونا۔

تَجَانُس : تَمَاثُل، تَشَابُه : ہم جنس ہونا۔ ایک جیسا مشابہ ہونا۔ ملتا جلتا ہونا۔

تُجَاه، تِجَاه : رخ۔ سیدھ۔ طرف۔ جانب۔

تَجَاهَلَ : أَهْمَلَ : نظر انداز کرنا۔ توجہ نہ دینا۔ دھیان نہ کرنا۔ بے خبر بن جانا۔

تَجَاهَلَ : تَظَاهَرَ بِالجَهْل : بے خبر بن جانا۔ بے خبری کا اظہار کرنا۔

تَجَاوَبَ (مع) : اِسْتَجَابَ : جواب دینا۔ ردعمل ظاہر کرنا۔ ہمدردانہ رویہ بنانا۔

تَجَاوُب : اِسْتِجَابَة : ردعمل کا اظہار۔ جواب۔

تَجَاوَزَ القَوْمُ : کانُوا جِیرَاناً : ہمسایہ ہونا۔ پڑوسی ہونا۔

تَجَاوَرَ : تَجَاذَی : پاس پاس ہونا۔ پڑوسی ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔

تَجَاوُر۔ رک بہ مُجَاوَرَة۔

تَجَاوَزَ : تَخَطَّی، تَعَدَّی : گزرنا۔ قدم بڑھانا۔ پیچھے چھوڑنا۔ آگے قدم بڑھانا۔ سبقت کرنا۔

تَجَاوَزَ : جَاوَزَ الحَدَّ : حد سے بڑھنا۔ مناسب حدود سے آگے نکل جانا۔

تَجَاوَزَ : تَغَلَّبَ علی : غلبہ پانا۔ غالب آنا۔ نبھا کرنا۔ گزارہ کرنا۔

تَجَاوَزَ (عن) : تَغَاضَی عن : چشم پوشی کرنا۔ صرف نظر کرنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَجَبَّرَ : تَكَبَّرَ، اِسْتَبَدَّ : مغرور ہونا۔متکبر ہونا۔ظالم وجابر ہونا۔

تَجَبَّرَ العَظْمُ المَكْسُورُ : ٹوٹی ہڈی کو جوڑنا۔

تَجَبَّنَ اللَّبَنُ : دودھ کا پنیر بنانا۔

تَجْبِير (العِظَامِ أو الأَعْضَاءِ) : ہڈیوں یا جسم کے اعضاء کا جوڑنا یا مرہم پٹی کرنا۔

تَجَدَّدَ : نیا ہونا۔تجدید ہوجانا۔جدت پیدا ہونا۔جدت اختیار کرنا۔نئی زندگی ملنا۔

تَجَدُّد : نیا ہونا۔تجدید۔بحالی۔احیاء۔نئی زندگی ملنا۔جدت اختیار کرنا۔جدت۔

تَجَدَّلَ : بالوں کی چوٹی یا چٹیا کا گوندھا جانا۔

تَجْدِيد : تجدید۔نیا کرنا۔بحال کرنا۔مرمت کرنا۔جدت اختیار کرنا۔وقت کے مطابق بنانا۔اصلاح کرنا۔

تَجْدِيدُ الشَّبَابِ أو النَّشَاطِ أو القُوَّةِ : جوانی۔نشاط۔قوت اور تروتازگی کو دوبارہ زندہ کرنا۔

تَجْدِيدُ الانْتِخَاب : دوبارہ انتخاب کرانا۔

قابِلٌ لِلتَّجْدِيد : قابل تجدید۔

تَجَذَّرَ : تَأَصَّلَ : جڑ پکڑنا۔جڑیں گہری ہونا۔مضبوط سے گڑھ جانا۔

تَجْدِيف (بالمِجْذاف) : کشتی رانی کرنا۔چپو چلانا۔

تَجَرَ۔رک به تاجَرَ.

تَجَرَّأَ۔رک به جَرُؤَ.

تَجْرِبَة : اِخْتِيَار : تجربہ۔آزمائش۔ٹیسٹ۔ریہرسل۔مشق۔

تَجْرِبَة : خِبْرَة : تجربہ۔پریکٹس۔مشق۔

تَجْرِبَة : تَجْرِيب :۔رک به تَجْرِيب.

تَجْرِبَة : مِحْنَة : تجربہ آزمائش۔محنت ومشقت۔

تَجْرِبَة طِبَاعِيَّة : پروف۔پروف شیٹ۔تصحیح کیلئے چھپی ہوئی نقل۔

التَّجْرِبَةُ و الخَطَأ : آزمائشی اور بھول چوک۔

تَجَرَّدَ مِنْ : حُرِمَ مِنْ : خالی ہونا۔محروم ہونا۔مسترد ہونا۔

تَجَرَّدَ مِنْ : تَحَرَّرَ مِنْ : آزاد ہونا۔چھٹ جانا۔نجات پانا۔

تَجَرَّدَ : تَعَرَّى : ننگا ہونا۔عریاں ہونا۔لباس اترنا۔شاخ تراشی ہوجانا۔

تَجَرُّد : ضِدّ تَحَيُّز : غیر جانبدار ہونا۔(ضد) جانبداری۔

تَجَرُّد : تَعَرٍّ : شاخیں کٹ جانا۔ننگا ہونا۔عریاں ہونا۔لباس اترنا۔

تَجَرَّعَ : شَرِبَ، بَلَعَ : گھونٹ پینا۔نوش کرنا۔نگلنا۔

تَجْرِيب : اِخْتِيَار : تجربہ کرنا۔آزمائش کرنا۔

تَجْرِيبِيّ : اِخْتِيَارِيّ : تجرباتی۔آزمائشی۔

تَجْرِيد : حِرْمَان، نَزْع : ننگا کردینا۔محروم کرنا۔لباس اتارنا۔مسترد کرنا۔

تَجْرِيد (مِنْ) : تَحْرِير، تَخْلِيص : آزاد کرنا۔چھوڑ دینا۔

تَجْرِيد : تَعْرِيَة : ننگا کرنا۔عریاں کرنا۔لباس اتارنا۔

تَجْرِيد (الفِكْرَةِ أو الشَّيْءِ) : خالص ہونا۔سوچ یا کسی چیز کا خالص مطلق ہونا۔

تَجْرِيم : أَدَانَة : مجرم قرار دینا۔فرد جرم عائد کرنا۔

تَجَزَّأَ : اِنْقَسَمَ : تقسیم کرنا۔بانٹنا۔بکھیرنا۔منتشر کرنا۔قابل تقسیم ہونا۔

لايَتَجَزَّأ : ناقابل تقسیم ہونا۔

تَجَزُّؤ : اِنْقِسَام : بٹ جانا۔تقسیم ہونا۔بکھر جانا۔پریشان ہونا۔منتشر ہونا۔

تَجْزِئَة : تَقْسِيم : تقسیم۔بانٹ۔نشر۔

قابِلٌ لِلتَّجْزِئَة : تقسیم ہونے کے قابل۔

تَجَسَّدَ : مجسم ہونا۔ٹھوس ہونا۔مادی جسم اختیار کرنا۔مادی شکل میں آنا۔

تَجَسُّد : مادیت۔جدیت۔حلول۔عملی جامہ پہنانا۔

تَجَسَّسَ (على) : جاسوسی کرنا۔تاڑنا۔

تَجَسَّسَ على خُطُوطِ الهاتِف : فون ٹیپ کرنا۔

تَجَسُّس : جاسوسی۔تلاشی۔جستجو۔

تَجَسُّس على خُطُوطِ الهاتِف : خطوط سنسر یا ٹیپ کرنا۔جاسوسی کی غرض خط پڑھنا۔

تَجَسَّمَ : تَجَسَّدَ : عملی جامہ پہنانا۔عملی شکل اختیار کرنا۔

تَجَسَّمَ : عَظُمَ و ضَخُمَ۔رک به جَسُمَ.

تَجْسِيد : ٹھوس شکل دینا۔حصول کرنا۔مادی شکل اختیار کرنا۔مستقل شکل اختیار کرنا۔فرضی شکل اختیار کرنا۔غیر مرئی کو متشکل کرنا۔

تَجْسِيم : تَضْخِيم : بڑا بنانا۔بھاری بننا۔

تَجْسِيم : تَجْسِيد : عملی شکل دینا یا اختیار کرنا۔حلول کرنا۔مستقل شکل اختیار کرنا۔انسانیت کا جامہ پہننا۔مذہب تشبیہ۔

تَجْسِيم : أَبْرَاز : ابھارنا۔باہر کو نکالنا۔شکل دینا۔کھڑا کرنا۔

تَجَشَّأَ : شعلے بھڑکنا۔آتش فشاں ہونا۔ڈکار لینا۔

تَجَشُّؤ : ڈکار لینا۔

تَجَشَّمَ : برداشت کرنا۔سہنا۔ذمے لینا۔اپنے سر لینا۔

تَجَشَّمَ عَنَاءَ كَذَا : تکلیف اٹھانا۔مشقت میں پڑنا۔

تَجَعَّدَ : گھنگھر پڑنا۔بال گھنگھریالے ہونا۔لہریں اٹھنا۔جھریاں پڑنا۔سلوٹ یا شکن پڑنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَجَعُّد : بال گھنگھریالے بن جانا یا ہو جانا۔ کھال یا چہرے پر جھریاں پڑنا۔ سلوٹ یا شکن پڑنا۔ بل پڑنا۔ مروڑ دینا۔ بٹ دینا۔ لپیٹنا۔ کپڑے وغیرہ کو لپیٹنا۔

تَجَعُّدات۔ رک بہ جَعْدَة، تَجَاعِید :

تَجْفِیف : خشک کرنا سکھانا۔

تَجْفِیف (الأَغْذِیَة) : غذائی مواد کو خشک کرنا۔

تَجْفِیف (المَجْرَی أو المُسْتَنْقَع أو التُّرْبَة) : گندے پانی کا نالی کے ذریعے اخراج کرنا۔

تَجَلٍّ : (التَّجَلِّی) : ظُهُور : چمکنا۔ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ ابھرنا۔

تَجَلَّی : تَکَشَّفَ، ظَهَرَ : صاف واضح ہونا۔ کھل جانا۔ نمایاں ہونا۔ باہر آنا۔ روشنی میں آنا۔ علم میں آنا۔ بتایا جانا۔

تَجَلَّدَ : تَحَمَّلَ، صَبَرَ : برداشت کرنا۔ صبر و تحمل کرنا۔

تَجَلَّدَ : تَجَمَّدَ بالبُرُودَة۔ رک بہ جلد.

تَجَلَّدَ الکِتَابُ : کتاب کی جلد بندی ہونا۔

تَجَلُّد : تَحَمُّل، صَبْر۔ رک بہ جَلَد.

تَجَلُّد : تَجَمَّدَ بالبُرُودَة : سردی سے جم جانا۔ برف بن جانا۔ یخ ہونا۔ ٹھٹھرنا۔ منجمد ہونا۔

تَجْلِید : تَجْمِید بالبُرُودَة : یخ بستہ ہونا۔ برف بننا۔ جم جانا۔ منجمد ہونا۔

تَجْلِید (الکُتُب) : کتاب کی جلد بندی ہونا۔

مَعْمَلُ تَجْلِیدِ الکُتُب : کتابوں کی جلد بندی۔

تَجَمَّدَ : تَجَلَّدَ بالبُرُودَة : انجماد۔ یخ بستگی۔

تَجَمَّدَ : صَلُبَ : ٹھوس ہونا۔ سخت ہونا۔ یخ ہونا۔ پکا ہونا۔

تَجَمَّدَ : تَخَثَّرَ : جامد ہونا۔ ڈلا بن جانا۔ منجمد کرنا۔ دہی جم جانا۔

تَجَمَّدَتِ الأَمْوَالُ : رقمیں منجمد ہونا۔

تَجَمُّد : تَجَلُّدٌ بالبُرُودَة : یخ بستہ ہونا۔ سردی سے جم جانا۔ ٹھوس ہونا۔ شدید ہونا۔ مستحکم ہونا۔

تَجَمُّد : تَخَثُّر : جامد ہونا۔ ڈلا بن جانا۔ دہی جم جانا۔

نُقْطَةُ التَّجَمُّد، درجَةُ التَّجَمُّد : نقطۂ انجماد۔ فریزنگ پوائنٹ۔

تَجَمَّعَ : اکٹھے ہونا۔ جمع ہونا۔ ملنا۔ اکٹھے ہجوم۔ جتھا۔ بھیڑ۔ ڈھیر انبار۔

تَجَمُّع : مَصْدَرُ تَجَمَّعَ : اکٹھے ہونا۔ جمع ہونا۔ ملنا۔ جمع کرنا۔ آنا۔ جتھ بندی کرنا۔ ریلی نکالنا۔ ڈھیر بن جانا۔

تَجَمُّع : حَشْد (مِنَ النَّاس) : ہجوم۔ بھیڑ۔ اکٹھ۔ جلوس۔ ریلی۔ میٹنگ۔

تَجَمُّع : جَمَاعَة، فِرْقَة، کُتْلَة : گروہ۔ جتھا۔ ٹروپ ٹیم۔ تنظیم۔ بلوائیوں کا جتھا۔ فرقہ۔ بلاک۔ محاذ۔ اکٹھا کرنا۔

تَجَمْهَرَ : تَجَمَّعَ، اِحْتَشَدَ : اکٹھا ہونا۔ یکجا ہونا۔ ہجوم کرنا۔ جتھا بن جانا۔ ریوڑ بن جانا۔ جلوس بن جانا۔

تَجَمْهُر : تَجَمُّع، اِحْتِشَاد : اکٹھ۔ جماعت بندی۔ ہجوم۔ جتھا۔ ریوڑ بن جانا۔ جلوس بن جانا۔

تَجَمْهُر : حَشْد، مَجْمُوع۔ رک بہ جُمْهُور.

تَجْمِید : تَجْلِیدٌ بالبُرُودَة : سردی سے جم جانا۔ برف بن جانا۔ یخ بستہ ہونا۔

تَجْمِید : تَصْلِیب : سخت ہونا۔ منجمد ہونا۔ ٹھوس بن جانا۔

تَجْمِید : تَخْثِیر : منجمد ہونا۔ جم جانا۔ ڈلا بن جانا۔ دہی جم جانا۔

تَجْمِیدُ الأَمْوَال : رقمیں منجمد ہونا۔ فریز ہونا۔ بلاک ہونا۔

تَجْمِیع : اکٹھا کرنا۔ ڈھیر کرنا۔ جمع کرنا۔ ملانا۔ اکٹھے رکھنا۔ ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

تَجْمِیل : خوبصورت بنانا۔ آراستہ و پیراستہ کرنا۔ زیب و زینت اور بناؤ سنگھار کرنا۔

مُسْتَحْضَرَاتُ تَجْمِیل : سامان بناؤ سنگھار۔

تَجْمِیلِیّ : بناؤ سنگھار سے متعلق۔ کاسمیٹکس سرجری۔ جراحت بدنی۔

جِرَاحَةٌ تَجْمِیلِیَّة : جراحت کے ذریعے عضا کا بناؤ سنگھار کرنا۔

تَجَنَّی علی : تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔

تَجَنَّبَ : اعتراز کرنا۔ اجتناب کرنا۔ دور رہنا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔

تَجَنُّب : چشم پوشی۔ اجتناب۔ پرہیز۔ دوری۔ احتراز۔

تَجَنَّدَ : فوجی دستے بھیجنا۔ شامل فہرست کرنا۔ بھرتی کرنا۔ جبرا بھرتی کرنا۔

تَجْنِید : فوجی تربیت دینا۔ بھرتی کرنا۔

تَجْنِیدٌ أَجْبَارِیٌّ أو أَلْزَامِیّ : جبری بھرتی کرنا۔

تَجَهَّزَ بِـ : تَزَوَّدَ بِـ : آراستہ کرنا۔ فراہم کرنا۔ آراستہ ہونا۔ سامان تیار کرنا۔ تیار ہونا۔

تَجَهَّزَ : اِسْتَعَدَّ : تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

تَجَهَّمَ : تیوری چڑھانا۔ نفرت کرنا۔ کریہ المنظر ہونا۔ اداس ہونا۔ مایوس ہونا۔ آزردہ ہونا۔

تَجْهِیز : أَعْدَاد، تَهْیِئَة : تیاری کرنا۔ تیار کرنا۔

تَجْهِیز : تَزْوِید : آراستہ کرنا۔ فراہم کرنا۔ نصب کرنا۔ دستیاب کرنا۔

تَجْهِیزَات : ساز و سامان مواد غذائی۔ کمک۔ ترتیب دینا۔ مواد۔ تنصیبات۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَجوال۔ رک بہ تَجوُّل۔

تَجوَّلَ : چلنا پھرنا۔ سیر کرنا۔ گھومنا۔ تفریح کرنا۔ سفر کرنا۔

تَجوُّل : گردش چکر۔ گھومنا۔ ادھر ادھر پھرنا۔

مَنْعُ التَّجوُّل، حَظْرُ التَّجوُّل : کرفیو۔

تَجوِیع : بھوکا رکھنا۔ فاقہ کرانا۔

تَجوِیف : فُتحة، نُقرة : کھوکھلا کرنا۔ سوراخ کرنا۔

تَجوِیف : مَصدَر جَوَّفَ : کھوکھلا کرنا۔ کھودنا۔ کریدنا۔ کھود نکالنا۔

تَجیِیر : تَظهِیر (الشَّیکِ ألخ) : تصدیق کرنا۔ انڈورس کرنا۔

تَجیِیش : تَجنِید : فوج کھڑی کرنا۔ فوجی نقل وحرکت کرنا۔ بھرتی کرنا۔

تَحابَّ : أحبَّ بَعضُهُم بَعضاً : باہم محبت کرنا۔

تَحابَکَ : جڑواں ہونا۔ گتھے ہوئے ہونا۔ جڑ ہونا۔

تَحادَثَ : باہم گفتگو کرانا۔ مباحثہ کرنا۔ بات چیت جاری رکھنا۔

تَحادُث : گفتگو۔ بحث مباحثہ۔ بات چیت۔

تَحاذَی : تَقابَلَ : بالمقابل ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔

تَحاذَی : تَجاوَرَ : پاس پاس ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ ہمسائیگی۔ قرب

تَحارَبَ : باہم جنگ کرنا۔ لڑائی کرنا۔

تَحاسَبَ : باہم حساب فہمی کرنا۔

تَحاشَی : تَجَنَّبَ : احتراز کرنا۔ پرہیز کرنا۔ ہچکچانا۔ دور رہنا۔

تَحاشَی : اِتَّقَی : حَذِرَ : اپنے آپ کو بچانا۔ خبردار رہنا۔ محتاط رہنا۔

تَحاکَمَ : تَقاضَی : ایک دوسرے کے خلاف مقدمہ کرنا۔

تَحالَفَ (مَع) : باہم حلیف ہونا۔ ساتھی بننا۔ اتحادی بن جانا۔

تَحالُف : اتحاد۔ حلیف بننا۔

تَحامَی : تَجَنَّبَ : احتراز کرنا۔ دور رہنا۔

تَحامَی : اِتَّقَی : محتاط رہنا۔ بچاؤ کرنا۔

تَحامَلَ علی : تَحَیَّزَ ضِدَّ، جارَ علی : امتیاز برتنا۔ جانبداری برتنا۔ بے انصافی کرنا۔

تَحامُل : تَحَیُّز، جَوْر : جانبداری۔ امتیاز۔ بے انصافی۔ نابرابری۔

تَحاوَرَ : تَحادَثَ : بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا۔

تَحاوُر۔ رک بہ حِوار۔

تَحایَلَ، تَحایُل۔ رک بہ اِحتَال، اِحتِیال۔

تَحَبَّبَ الی : تَوَدَّدَ، غازَلَ : اظہار محبت کرنا۔ محبت جتانا۔ محبت یا ہمدردی حاصل کرنا۔ پیغام پہنچانا۔ شادی دینا۔

تَحَبُّب (الی) : تَوَدُّود، مُغازَلَة : پیار۔ محبت دوستی۔ عشق ومحبت۔ ہمدردی۔ پیغام نکاح۔

تَحتَ، تَحتُ : ضِدُّ فَوقَ : نیچے۔ پائین۔ زیرین۔

تَحتَ : قَیدَ، رَهنَ : نیچے۔ ماتحت۔ پر۔ میں۔ زیر۔ زیرکار۔ زیر تعمیل۔ زیر تکمیل۔

تَحتَ الأحمَر، تَحتَ الحَمراء : زیر سرخ۔

تَحتَ (سَطحِ) الأرض : سطح زمین کے نیچے۔

تَحتَ (سَطحِ) البَحر : سطح سمندر کے نیچے۔

تَحتَ التَّجرِبَة : زیر تجربہ۔

تَحتَ تَصرُّفِهِ أو أمرِهِ : زیر تصرف۔

تَحتَ رَحمَةِ کَذا : رحم وکرم پر۔

تَحتَ رِعایَةِ کَذا : زیر حمایت۔ زیر کفالت۔ زیر نگرانی۔

تَحتَ طائِلَةِ کَذا : زیر تعزیر۔ زیر تاوان۔ قابل سزا۔

تَحتَ الطَّبعِ : زیر طباعت۔ چھپائی کے مرحلے میں۔

تَحتَ الطَّلَب : حسب ضرورت۔ حسب طلب۔

تَحتانِیّ : نچلا۔ نچلی۔

مَلابِسُ تَحتانِیَّة : انڈرویئر۔ زیر جامہ۔

تَحَتَّمَ : وَجَبَ : ضروری۔ حتمی۔ لازمی۔ لابدوی۔ فرض۔

تَحَتَّمَ عَلَیهِ : وَجَبَ عَلَیهِ : واجب ہونا۔ لازم ہونا۔ فرض ہونا۔

یَتَحَتَّمُ عَلَیهِ أنْ : لازم ہے۔ اس پر واجب ہے۔ اس پر فرض ہے۔

تَحتِیّ۔ رک بہ تَحتانِیّ۔

تَحَجَّبَ : پردہ کرنا۔ در پردہ ہونا۔ ڈھکا ہونا۔ پناہ میں ہونا۔ آڑ یا اوٹ کرنا۔

تَحَجَّجَ بِـ : تَذَرَّعَ، اِدَّعَی۔ رک بہ اِحتَجَّ بِـ۔

تَحَجُّج : تَذَرُّع، اِدِّعاء۔ رک بہ اِحتِجاج۔

تَحَجَّرَ : پتھرنا۔ پتھرایا جانا۔ پتھر بن جانا۔

تَحَجُّر : پتھرانا۔

تَحَدٍّ (التَّحَدِّی) : چیلنج۔ دعوت۔ مبارزت۔ دعوت مقابلہ۔

تَحَدَّی : چیلنج کرنا۔ دعوت مقابلہ دینا۔

تَحَدَّبَ۔ رک بہ اِحدَودَبَ۔

تَحَدَّثَ : باتیں کرنا۔ گفتگو کرنا۔ کسی سے بات کرنا۔ کسی موضوع پر بات چیت کرنا۔

تَحَدُّث : گفتگو۔ بات چیت۔

تَحَدَّدَ : عَیَّنَ، عُرِّفَ : متعین کرنا۔ مقرر کرنا۔ نشان زد کرنا۔ تہیہ کرنا۔ طے کرنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَحَدَّدَ : قُيِّدَ، حُصِرَ : محدود کرنا۔مقید کرنا۔

تَحَدَّرَ : نَزَلَ، مال۔رک به اِنْحَدَرَ.

تَحَدَّرَ مِنْ أَصْلٍ مُعَيَّن : مقررہ حد سے نیچے اترنا۔

تَحْدِيث : أَخْبار، رِوَايَة : بیان کرنا۔روایت کرنا۔گفتگو کرنا۔بات چیت کرنا۔

تَحْدِيث : تَجْدِيد : تجدید۔حالات یا وقت کے مطابق کرنا۔اصلاح کرنا۔کمی پوری کرنا۔

تَحْدِيد : تَعْرِيف، تَعْيِين : متعین کرنا۔مقرر و مخصوص کرنا۔تہیہ کرنا۔نشان زدہ کرنا۔طے کرنا۔

تَحْدِيد : تَقْيِيد، حَصْر : حد بند کرنا۔محدود کرنا۔روک لگانا۔

تَحْدِيدُ الأَسْعار : نرخ مقرر کرنا۔

تَحْدِيدُ النَّسْل : برتھ کنٹرول کرنا۔

على (وَجْهِ) التَّحْدِيد : طے شدہ ہے۔بالضبط۔پکی بات ہے۔

تَحْدِيق : جھانکنا۔تاڑنا۔نظر جما کر دیکھنا۔تیز نظروں سے دیکھنا۔

تَحْذِير : ڈرانا۔دھمکانا۔خبردار کرنا۔

تَحَرَّ (التَّحَرِّي) (عن) : تفتیش کرنا۔کھوج نکالنا۔معاینہ کرنا۔آزمائش کرنا۔تلاش کرنا۔

تَحَرٍّ، رَجُلُ التَّحَرِّي : تفتیشی افسر۔انسپکٹر۔

شُرْطَةُ التَّحَرِّي، مَصْلَحَةُ التَّحَرِّي : خفیہ پولیس۔خفیہ ایجنسی۔

تَحَرَّى (عن) : تفتیش کرنا۔کھوج لگانا۔تحقیقات کرنا۔تلاش کرنا۔

تَحَرَّرَ : صارَ حُرًّا : آزاد ہونا۔رہا ہونا۔چھوٹ جانا۔

تَحَرُّر : اِنْعِتاق : آزادی۔رہائی۔

تَحَرَّزَ۔رک به اِحْتَرَزَ.

تَحَرَّشَ بِـ (لِغَايَةٍ جِنْسِيَّة) : ناشائستہ حرکت کرنا۔چھیڑ چھاڑ کرنا۔

تَحَرَّشَ بِـ (بِقَصْدِ الشِّجار) : جھگڑا کھڑا کرنا۔

تَحَرَّشَ بِـ : اِسْتَفَزَّ : اکسانا۔

تَحَرَّشَ بِـ : تَطَفَّلَ على : دخل دینا۔مداخلت کرنا۔

تَحَرَّقَ : اِحْتَرَقَ۔رک به اِحْتَرَقَ۔

تَحَرَّقَ شَوْقًا ألخ (ألى) : شوق کے مارے جلنا۔حسرت۔ارمان کرنا۔آرزو کرنا۔

تَحَرُّق : اِحْتِراق۔رک به اِحْتِراق.

تَحَرُّق : شَوْق : شوق۔ارمان۔حسرت۔تشنگی۔

تَحَرُّق : لَوْعَة : تڑپ۔دکھ۔عذاب۔

تَحَرَّكَ : حرکت ہونا۔ہٹنا۔سرکنا۔ٹلنا۔حرکت کرنا۔قدم اٹھانا۔اقدام کرنا۔

تَحَرُّك : حرکت۔اقدام۔جنبش۔پیش قدمی۔

تَحْرِيج : تَشْجِير : جنگل کاری۔شجر کاری۔

تَحْرِير : جَعْلُهُ حُرًّا : آزادی۔رہائی۔چھٹکارا۔نجات۔

تَحْرِير : كِتابَة، صِياغَة : لکھنا۔ادارت کرنا۔مقابلہ نویسی کرنا۔تالیف و تصنیف۔تحریر کرنا۔خاکہ بنانا۔مسودہ بنانا۔

تَحْرِيض : اکسانا۔ابھارنا۔جوش دلانا۔برانگیختہ کرنا۔

تَحْرِيف : تَغْيِيرُ المَعْنَى : معنی بلدنا۔تحریف کرنا۔بگاڑنا۔غلط بیانی کرنا۔

تَحْرِيك : جَعْلُهُ يَتَحَرَّك : متحرک کرنا۔مہمیز دینا۔ہانکنا۔چلانا۔ہلانا۔

تَحْرِيك : أَثارَة، حَثّ، حَفْز : برانگیختہ کرنا۔اکسانا۔ابھارنا۔جوش دلانا۔متحرک کرنا۔کام پر لگانا۔

تَحْرِيك : تَشْكِيلُ الحُرُوفِ أو الكَلِمات : حروف یا کلمات پر حرکات لگانا۔

تَحْرِيم : حَظْر : مخالفت کرنا۔ضبط کرنا۔پابندی لگانا۔

تَحَزَّبَ كِ : تَحَيَّزَ كِ، أَيَّدَ : جانبداری کرنا۔حمایت کرنا۔حوصلہ افزائی کرنا۔دلاسہ دینا۔کفالت کرنا۔دفاع کرنا۔

تَحَزَّبَ : شَكَّلَ حِزْبًا، تَجَمَّعَ : جماعت بندی کرنا۔جھتا بنانا۔متحد ہونا۔

تَحْزِيم : رَزْم، رَبْط۔رک به حَزْم.

تَحَسَّبَ : تَحَرَّى : معلومات حاصل کرنا۔استفسار کرنا۔تفتیش کرنا۔

تَحَسَّبَ بِـ : اِكْتَفَى بِـ۔رک به اِحْتَسَبَ بِـ.

تَحَسَّبَ : حاسَبَ على نَفْسِهِ۔رک به حاسَبَ على نَفْسِهِ.

تَحَسَّرَ (على) : اظہار حسرت کرنا۔افسوس کرنا۔آہیں بھرنا۔فریاد کرنا۔تاسف کرنا۔نوحہ کرنا۔پچھتانا۔نادم ہونا۔تڑپنا۔

تَحَسُّر۔رک به حَسْرَة.

تَحَسَّسَ : تَلَمَّسَ : ٹٹولنا۔تلاش کرنا۔سن گھن لینا۔انگلیوں سے ٹٹولنا۔

تَحَسَّسَ : تَحَرَّى : استفسار کرنا۔معلومات حاصل کرنا۔سن گھن لینا۔تلاش کرنا۔

تَحَسَّسَ : أَحَسَّ۔رک به أَحَسَّ (بِـ).

تَحَسَّسَ : رَقَّ كِ۔رک به حَسَّ كِ.

تَحَسُّس : أحساس۔رک به أحساس.

تَحَسُّس : حَسَاسِيَّة۔رک به حَسَّاسِيَّة.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَحَسُّن : بہتر بنانا۔بہتر ہونا۔ترقی پانا۔
تَحَسُّن : بہتری۔ترقی۔
تَحْسِين : تَجْوِيد : بہتر کرنا۔ترقی دینا۔
تَحْسِين : تَجْمِيل : خوبصورت بنانا۔بہتر بنانا۔
تَحَشَّدَ۔رک به إِحْتَشَدَ.
تَحَشْرَجَ۔رک به حَشْرَجَ.
تَحَشَّمَ، تَحَشَّمَ۔رک به إِحْتَشَمَ، إِحْتِشَام.
تَحْشِيَة : حَشْو : بھرنا۔پر کرنا۔آمیزش کرنا۔ڈاٹ لگانا۔گدیاں باندھنا۔کوٹنا۔
تَحَصَّلَ : نَتَجَ : نتیجہ نکلنا۔حاصل ہونا۔ہاتھ آنا۔
تَحَصَّنَ : تَقَوَّى، تَمَنَّعَ، إِحْتَمَى : قلعہ بند ہونا۔مضبوط ہونا۔ناقابل تسخیر ہونا۔اپنی پوزیشن بچاؤ کرنا۔مضبوط کرنا۔اپنا آپ بچانا۔
تَحَصَّنَ ضِدَّ المَرَضِ أو العَدْوَى : بیماری سے محفوظ ہو جانا۔
تَحَصَّنَتِ المَرْأَةُ۔رک به حَصَّنَ.
تَحْصِيص : تَوْزِيع، تَقْسِيم : حصہ مقرر کرنا۔الاٹ تقسیم کرنا۔متعین کرنا۔جگہ مقرر کرنا۔تقسیم کرنا۔
نِظَامُ التَّحْصِيص : کوٹہ سسٹم۔حصہ داری۔
تَحْصِيل : جِبَايَة : وصول کرنا۔اکٹھا کرنا۔عائد کرنا۔لاگو کرنا۔
تَحْصِيل : نَيْل۔رک به حُصُولُ على.
تَحْصِيلُ عِلْمِيّ أو مَدْرَسِيّ الخ : سیکھنا۔تعلیم حاصل کرنا۔پڑھنا صاحب علم ہونا۔حصول علم۔
تَحْصِيلُ حاصِل : مَفْرُوغٌ مِنْه، لا جِدَالَ فِيه : تحصیل حاصل۔غیر ضروری۔بے شک وشبہ۔ناقابل تردید۔حتمی۔یقینی۔
تَحْصِين : تَغْوِيَة : قلعہ بندی کرنا۔خندق میں چلا جانا۔مضبوطی کرنا۔کمک کرنا۔
تَحْصِينٌ ضِدَّ عَدْوَى أو مَرَضٍ الخ : بیماری سے محفوظ ہو جانا۔
تَحْصِينات : قلعہ بندیاں۔خندقیں تیار کرنا۔کمک درسد۔
تَحَضَّرَ : تَمَدَّنَ : متمدن ومہذب ہونا۔شہری بننا۔
تَحَضَّرَ : تَهَيَّأَ، تَجَهَّزَ : تیار ہونا۔کمربستہ ہونا۔آمادہ ہونا۔
تَحَضُّر : تَمَدُّن : تمدن تہذیب۔
تَحْضِير : إِعْداد، تَجْهِيز : تیاری۔کمر بستگی۔آمادگی۔سازوسامان کرنا۔
تَحْتَ التَّحْضِير، قَيْدَ التَّحْضِير : تیاری۔کمر بستگی۔آمادگی سازوسامان کرنا۔
تَحْتَ التَّحْضِير، قَيْدَ التَّحْضِير : تیاری کے مرحلے میں۔

تَحْضِيرِيّ : اِبْتِدَائِيّ۔اعدادی۔
تَحَطَّمَ : تَكَسَّرَ : ٹوٹنا۔توڑ پھوڑ ہونا۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔تتر بتر ہونا۔تباہ ہونا۔
تَحَطَّمَتِ السَّفِينَةُ : کشتی یا جہاز کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ٹوٹ پھوٹ جانا۔
تَحَطَّمَتِ الطَّائِرَةُ : جہاز کو حادثہ پیش آنا۔حادثے کی نذر ہونا۔
تَحَطُّم : تَكَسُّر : ٹوٹ پھوٹ جانا۔ٹوٹ جانا۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ٹکرا جانا۔تباہ ہونا۔
تَحَطُّمُ الطَّائِرَة : ہوائی حادثہ۔
تَحْطِيم : تَكْسِير، كَسْر : توڑنا۔توڑ پھوڑ کر رکھ دینا۔ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔تباہ کرنا۔لہو۔
تَحْظِير۔رک به حَظْر.
تُحْفَة : رائِعَة : نادر نمونہ۔مثالی تحفہ۔نہایت عمدہ کام۔موتی۔نادر ہونا۔عجیب وغیرہ۔من پارہ۔
تُحْفَة : هَدِيَّة : تحفہ۔سوغات۔ہدیہ۔تیار ہونا۔آمادہ ہونا۔تیاری کرنا۔خبردار ہونا۔محتاط اور متنبہ ہونا۔
تَحَفَّزَ : إِسْتَعَدَّ لِلْوُثُوب : کودنے یا حملے کے لئے تیار ہونا۔
تَحَفُّز : إِسْتِعْداد، تأَهُّب : تیاری۔آمادگی۔خبرداری۔احتیاط۔تحفظات رکھنا۔تحفظات سامنے رکھنا۔کم گو۔تنہا ہونا۔محتاط ہونا۔خود حفاظت کرنا۔
تَحَفُّظ : إِحْتِيَاط : تحفظ۔احتراز۔احتیاط۔تنہا پسندی۔بات دل میں رکھنا۔
تَحَفُّظ : إِحْتِرَاز : تحفظ۔احتراز۔اکتاہٹ۔احتیاط۔
تَحَفُّظ : شَرْط، بَنْد شَرْطِيّ : تحفظ۔مشروط ہونا۔شرط۔
بِتَحَفُّظ، مَعَ التَّحَفُّظ : پوری احتیاط کے ساتھ۔بکمال احتیاط۔
تَحَفُّظِيّ : إِحْتِيَاطِيّ، احترازي : احتیاطی۔مشروط۔
أَجْرَاءٌ تَحَفُّظِيّ، تَدْبِيرٌ تَحَفُّظِيّ : احتیاطی تدبیر۔
حَجْزٌ تَحَفُّظِيّ : ترقی اور سبقی۔
تَحَقَّقَ الأَمْرُ : ثَبَتَ، صَحَّ : ثابت ہونا۔صورت پذیر ہونا۔حقیقت کا روپ دھارنا۔سچ ثابت ہونا۔امر واقعہ بن جانا۔عملی شکل اختیار کرنا۔
تَحَقَّقَ الأَمْرَ أو مِنْهُ : تَيَقَّنَ، تأَكَّدَ مِنْ : بات کی تصدیق ہونا۔یقین ہو جانا۔چیک کرنا۔تصدیق کرنا۔شناخت ہو جانا۔
تَحَقُّق (الأَمْر) : نتیجہ خیز ہونا۔عملی جامہ پہننا۔سچ ثابت ہونا۔امر واقعہ بن جانا۔
تَحَقُّق (مِنَ الأَمْر) : یقین ہونا۔تصدیق ہونا۔چیک کرنا۔یقینی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہونا۔اعتماد کرنا۔اعتقاد کرنا۔

تَحْقِیر : أذْلال : تحقیر کرنا۔تذلیل کرنا۔بے عزت کرنا۔

تَحْقِیر : أهانة : توہین کرنا۔

تَحْقِیر : إزْدِراء : تحقیر کرنا۔نفرت کرنا۔گھٹیا سمجھنا۔

تَحْقِیرُ المَحْکَمَة : توہین عدالت۔

تَحْقِق : المَحْکَمَة : توہین عدالت۔

تَحْقِیق : إنْجاز، تَنْفِیذ : عملی جامہ پہنانا۔سرانجام دینا۔روبعمل لانا۔نافذ کرنا۔مکمل کرنا۔پورا کرنا۔سچ کر دکھانا۔

تَحْقِیق : تأمِین، تَوْفِیر : حاصل کرنا۔ضمانت لینا۔پیداوار فصل لینا۔دستیاب کرنا۔فراہم کرنا۔

تَحْقِیق : إثْبات، تَحْدِید : تصدیق۔ثبوت۔یقینی بنانا۔تہیہ کرنا۔شناخت کرنا۔

تَحْقِیق : بَحْث، تَدْقِیق : تفتیش۔استفسار۔امتحان۔معاینہ۔کھوج لگانا۔

تَحْقِیق : إسْتِجْواب، إسْتِنْطاق : بازپرس۔آزمائش۔سوال جواب۔تحقیقات۔انکوائری۔سماعت۔

تَحْقِیق الذَّاتِیَّة أو الهُوِیَّة : شناخت۔

تَحْقِیقٌ صُحُفِیّ : اخباری رپورٹ۔رپورٹر۔

تَحَکَّمَ (فی) : إسْتَبَدَّ بِـ، تَأمَّرَ : حکم چلانا۔اپنی رائے پر چلنا۔جابرانہ حکمرانی کرنا۔آمرانہ رویہ رکھنا۔ظلم کرنا۔مسلط ہونا۔پنچ بن جانا۔حاکم مطلق بن جانا۔قابو میں رکھنا۔زیر حکم رکھنا۔چھا جانا۔مسلط ہونا۔حکم چلانا۔اثر انداز ہونا۔

تَحَکَّم : (فی) سیطر علی : کنٹرول کرنا

تَحَکُّم : إسْتِبْداد، تَأمُّر : پنچایت کرنا۔ظلم کرنا۔مطلق العنان بنانا۔مسلط ہونا۔منہ زوری کرنا۔

تَحَکُّم : سَیْطَرَة : کنٹرول۔اختیار۔قابو۔طاقت۔تسلط۔اثر۔

تَحَکُّمٌ مِنْ بُعْد : ریموٹ کنٹرول۔

تَحْکِیم : پنچایت۔

تَحْکِیمِیّ : پنچایتی۔

تَحَلَّی : تَجَمَّلَ، تَزَیَّنَ : اپنی آرائش کرنا۔بننا۔سنوارنا۔زیب وزینت کرنا۔ خوبصورت بننا۔خود آرائی کرنا۔

تَحَلَّی بِـ : تَمَیَّزَ، إتَّصَفَ : متصف ہونا۔ممتاز ہونا۔

تَحَلَّبَ : نَضَحَ، رَشَحَ، سالَ : بہنا۔ٹپکنا۔بہنا۔

تَحَلَّبَ : نَضَحَ، رَشَحَ : بہنا۔ٹپکنا۔رسنا۔

تَحِلَّة : غُفْران، أبْراء : نجات وبخشش۔برائت۔

تَحَلَّقَ (حَوْلَ) : فضا میں منڈلانا۔چکر کاٹنا۔

تَحَلَّلَ مِنْ : تَحَرَّرَ مِنْ : الگ ہو جانا۔کھل جانا۔رہا ہونا۔چھوٹ جانا۔رہائی پانا۔

تَحَلَّلَ : إنْحَلَّ۔رک به إنْحَلَّ.

تَحْلِیَة : جَعْلُ الشَّیْءِ حُلْوًا، تَسْکِیر : میٹھا بنانا۔چینی ڈالنا۔

تَحْلِیَة (المیاه) : أزالَةُ المِلْح (مِنْ) : کھارے یا نمکین پانی کو صاف کرنا۔

تَحْلِیَة : تَزْیِین : بناؤ سنگھار کرنا۔آراستہ وپیراستہ ہونا۔

تَحْلِیف : جَعْلُ المَرْءِ یَحْلِف : قسم دلانا۔حلف دلانا۔حلف برداری کی تقریب۔

تَحْلِیق : طَیَرَان : پرواز کرنا۔منڈلانا۔چکر کاٹنا۔

تَحْلِیل : رَدُّ الشَّیْءِ إلی عَناصِرِه : کسی چیز کو اپنے عناصر میں تبدیل کرنا۔تجزیہ کرنا۔تحلیل کرنا۔

تَحْلِیل : أجازَة : حلال بنانا۔جائز قرار دینا۔قانونی جواز دینا۔اجازت دینا۔

تَحْلِیلُ الذَّات : خود آزمائی۔اپنا تجزیہ کرنا۔

تَحْلِیلٌ نَفْسِیٌّ أو نَفْسانِیّ : نفسیاتی جائزہ یا تجزیہ کرنا۔

تَحْلِیلِی : تحلیلی۔تجزیاتی۔

تَحَمَّسَ : گرمجوشی دکھانا۔جوش وجذبہ کا اظہار کرنا۔اظہار شوق وذوق جوش میں آنا۔

تَحَمَّصَ (الحَبُّ و نَحْوُه) : دانے بھوننا۔روسٹ کرنا۔

تَحَمَّصَ (الخُبْزُ و نَحْوُه) : روٹی وغیرہ کو سینکنا۔ٹوسٹ بنانا۔

تَحَمَّلَ : أطاقَ، عانَی : برداشت کرنا۔صبر کرنا۔تحمل کرنا۔نبھانا۔بھگتنا۔

تَحَمَّلَ : إضْطَلَعَ بِـ، تَوَلَّی : ذمے لینا۔اٹھانا۔کندھا دینا۔

تَحَمُّل : أطاقَة، جَلَد، مُعاناة : برداشت کرنا۔نباہ کرنا۔گزارہ کرنا۔قوت برداشت۔بھگتنا۔تجربے سے گزرنا۔

تَحَمُّل : إضْطِلاعٌ بِـ، تَوَلٍّ : ذمے لینا۔اٹھانا۔کندھا دینا۔

تَحَمُّل : مَتانَة : صبر وتحمل۔متانت۔سنجیدگی۔مضبوطی۔جفاکشی۔

تَحَمَّمَ : إغْتَسَلَ۔رک به إسْتَحَمَّ.

تَحْمِیَة : تَسْخِین : گرم کرنا۔گرمی پہنچانا۔

تَحْمِیص : مَصْدَر حَمَّصَ : سینکنا۔ٹوسٹ بنانا۔

تَحْمِیض : جَعْلُ الشَّیْءِ حامِضًا : ترش بنانا۔کھٹا بنانا۔جمانا۔

تَحْمِیضُ الأفْلام : فوٹو فلم کو ڈویلپ کرنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَحْمِيل : وَسْق، شَحْن : فوٹوفلم کوڈویلپ کرنا۔لادنا۔لوڈ کرنا۔بار کرنا۔

تَحْمِيل : اِلْقاء (على)، اِلْقاء (على) : بوجھ ڈالنا۔القاء کرنا۔ روکنا۔زیادہ بوجھ لادنا۔زیر بار کرنا۔بوجھ تلے دابنا۔

تَحْمِيلَة (طب) : طبی آلہ یا دوا دبر یا فرج میں داخل کرنا۔

تَحَنَّنَ على : عَطَفَ على۔رک به حَنَّ على۔

تَحْنِيط (الجُثَثِ) : لاش یا میت کو مسالہ لگانا۔محفوظ کرنا۔

تَحْنِيط (الحَيَوَاتِ أو الطُّيُورِ) : جانوروں کی کھالوں میں بھس کر محفوظ رکھنا۔

تَحَوَّى : تَلَوَّى : لچھا بنانا۔ڈور پر لپیٹنا۔اینٹھنا۔بل کھانا۔

تَحَوَّجَ : طَلَبَ حاجَتَهُ : حاجتمند ہونا۔حاجت طلب کرنا۔

تَحَوَّجَ : تَبَضَّعَ : حاجت یا ضرورت کی چیز خریدنا۔

تَحَوَّطَ : حَفِظَ، رَعَى۔رک به حاطَ.

تَحَوَّطَ : اِحْتَرَزَ، تَوَقَّى۔رک به اِحْتاطَ.

تَحَوُّط۔رک به اِحْتِياط.

تَحَوَّلَ : تَبَدَّلَ : بدلنا۔تبدیل کرنا۔منتقل کرنا۔گھمانا۔شکل بدلنا۔اگانا۔ تبدیل ہونا۔منتقل ہونا۔اگنا۔شکل تبدیل ہونا۔

تَحَوَّلَ عن : اِنْصَرَفَ عن، اِنْحَرَفَ عن : مڑ جانا، پیٹھ پھیرنا۔ ترک کر دیا۔چھوڑ دینا۔ہٹا دینا۔دستبردار ہونا۔راستہ بدلنا۔الگ ہونا۔ کنارے ہونا۔رخ بدلنا۔

تَحَوُّل : تَبَدُّل : تبدیلی۔منتقلی شکل بدلنا۔گھوم جانا۔پھر جانا۔

تَحْوِير : تَعْدِيل : ترمیم کرنا۔تبدیل کرنا۔

تَحْوِير : تَحْرِيف : تحریف۔شکل بدلنا۔غلط بیانی کرنا۔بگاڑنا۔غلط نمایندگی کرنا۔

تَحْوِيل : تَبْدِيل، نَقْل : بدلنا۔تبدیل کرنا۔شکل بدلنا۔منتقل کرنا۔گھمانا۔

تَحْوِيلُ المِلْكِيَّة : تحویل ملکیت۔حوالے کرنا۔

تَحْوِيلُ النُّقُودِ أو المالِ الخ : رقم بھیجنا۔ارسال کرنا۔منتقل کرنا۔

تَحْوِيل، صَكُّ تَحْوِيل۔رک به حَوَالَة

تَحْوِيلَة (السِّكَّةِ الحَدِيَّة) : گھمانا۔ریل کی پٹڑی بدلنا۔

تَحِيَّة : سَلام : سلام کرنا۔آداب بجالانا۔

تَحَيَّرَ : وَقَعَ فِي الحَيْرَة : حیرت زدہ ہونا۔حیران ہونا۔پریشان ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔شش و پنج میں پڑنا۔ششدر ہونا۔

تَحَيُّر۔رک به حَيْرَة، حِيْرَة.

تَحَيَّزَكِ أو أَلَى : حمایت کرنا۔جانبداری کرنا۔طرفداری کرنا۔

تَحَيُّز : طرفداری۔جانبداری۔

تَحَيَّنَ الفُرْصَةَ : انتظار کرنا۔فرصت تلاش کرنا۔موقع کی تلاش میں رہنا۔

تَخَّ (العَجِينُ) : آٹا خمیر ہونا۔

تَخَّ : فَسَدَ، تَعَفَّنَ : خراب ہونا۔بدبودار ہونا۔سڑنا۔

تَخَابَرَ : ایک دوسرے سے رابطہ کرنا۔ایک دوسرے کو بلانا۔باہم خط و کتابت کرنا۔

تَخَاذَلَ : ضَعُفَ : ناکام ہونا۔کمزور ہونا۔

تَخَاذُل : ضَعْف : کمزوری۔ضعف۔ناکامی۔جھگڑنا۔لڑنا۔تنازعہ کرنا۔

تَخَاصَمَ : تَقَاضَى : مقدمہ بازی کرنا۔ایک دوسرے کے خلاف دعویٰ کرنا۔

تَخَاصُم۔رک به خُصُومَة.

تَخَاطَبَ : تَحَادَثَ : باہم بات چیت کرنا۔باہم مذاکرات کرنا۔

تَخَاطُب : تَحَادُث : گفتگو۔بات چیت۔مذاکرات۔

تَخَاطَرَ : تَرَاهَنَ : شرط بدنا۔شرط لگانا۔

تَخَاطُر : تَوَارُدُ الخَوَاطِر : توارد خیالات۔

تَخَاطَفَ : چھیلنا۔اچک لے جانا۔

تَخَالَصَ : تَحَاسَبَ : باہم حساب کتاب کرنا۔لین دین طے کرنا۔

تَخَالَصَ : اِتَّفَقَ، تَفَاهَمَ : باہم معاملہ طے کرنا۔حساب فہمی کرنا۔ باہم مخلص ہونا۔

تَخَالَصَ : تَصَافَى : باہم گھل مل جانا۔خلط ملط ہونا۔اکٹھے ہونا۔یکجا ہونا۔

تَخَالُط : تَمَازُج : باہم گھل مل جانا۔خلط ملط ہونا۔اکٹھے ہونا۔یکجا ہونا۔

تَخَايَلَ : تَبَخْتَرَ، تَكَبَّرَ۔رک به اِخْتَالَ.

تَخَايُل : تَبَخْتُر، تَكَبُّر۔رک به اِخْتِيَال.

تَخَبَّأَ۔رک به اِخْتَبَأَ.

تَخْبِئَة : أَخْفَاء : چھپانا۔پوشیدہ رکھنا۔

تَخَبَّطَ : تَقَدَّمَ مُتَعَثِّرًا : ٹھوکر لگنا۔ٹھوکر کھانا۔ٹٹولنا۔ٹٹول کر چلنا۔

تَخَبَّطَ : ضَلَّ، تاهَ : ٹھوکریں کھاتے چلنا۔بھٹکنا۔راستہ بھولنا۔

تَخَبَّطَ (ف) : وَقَعَ ضَحِيَّةً أو فَرِيسَةً كَذَا : شکار ہونا۔

تَخَبَّطَ (فى) : ضاعَ فى، غَرِقَ فى : گم ہونا۔غرق ہونا۔غوطہ دینا۔ڈبونا۔

تَخَبَّطَ : تَبَلْبَلَ، اِضْطَرَبَ : بوکھلانا۔گھبرانا۔پریشان ہونا۔بے ترتیب ہونا۔بے قرار ہونا۔

تَخْت : سَرِير : تخت۔بستر۔چارپائی۔تخت پوش۔

تَخْت : مَقْعَد : صوفہ۔کوچ۔بینچ۔سیٹ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَخْت (المَلِک) : عَرْش : تخت شاہی۔

تَخْت (المَمْلَکَةِ أو الدَّوْلَةِ) : عاصِمَة : دارالخلافہ۔پایۂ تخت۔

تَخْتُ مُوسِیقِیّ : آرکسٹرا۔ (ساز)۔

تَخَثَّرَ : جمنا۔منجمد ہونا۔دھی جم جانا۔دھی۔گاڑھا ہونا۔سخت ہونا۔ڈالا بننا۔

تَخَثُّر : جم جانا۔ڈالا بن جانا۔دھی جم جانا۔گاڑھا ہونا۔سخت ہوجانا۔رگوں میں خون جم جانا۔

تَخْثِیر : جم جانا۔ڈالا بن جانا۔دھی جمنا۔گاڑھا ہونا۔سخت ہوجانا۔

تَخَدَّدَ : جھریاں پڑ جانا۔لکیریں پڑنا۔پہیوں کی رگڑ سے لگی لکیروں والا راستہ۔

تَخَدَّرَ : خُدِّرَ، فَقَدَ الحِسَّ : بے حس ہوجانا۔نشے سے مدہوش ہونا۔خواب آور دوا کھانا۔دماغ مختل ہونا۔چندھیا جانا۔سکتے میں آنا۔

تَخَدُّر۔رک به خَدَّر.

تَخَدَّشَ۔رک به اِنْخَدَشَ.

تَخْدِیر : بے حس کرنا۔دوائی یا نشے کے ذریعے بیہوش کرنا۔خواب آور دوائی سے بے حس کرنا۔دماغ مختل کرنا۔

تَخْدِیرِیّ : نشہ آور۔بے حس کرنے والی۔

تَخَرَّبَ : ویران ہونا۔تباہ ہونا۔ٹوٹ پھوٹ جانا۔مصیبت زدہ ہونا۔برباد ہونا۔نقصان پہنچنا۔کھنڈر بن جانا۔سبوتاژ ہونا۔تاراج ہوجانا۔

تَخَرَّجَ (مِنْ أوفی) : تعلیم سے فارغ ہونا۔فارغ التحصیل ہونا۔فراغت۔تحصیل۔فارغ التحصیل ہونا۔

تَخَرُّج : فارغ التحصیل ہونا۔

حَفْلَةُ تَخَرُّج : فارغ التحصیل ہونے کی تقریب۔

تَخَرَّصَ علی : اِفْتَرَی علی : الزام تراشی کرنا۔افترا پردازی کرنا۔تہمت لگانا۔جھوٹ باندھنا۔غیبت کرنا۔

تَخَرَّقَ : تَمَزَّقَ، اِنْشَقَّ : پھٹ جانا۔چیتھڑے بن جانا۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

تَخْرِیب : تباہ کرنا۔ویران کرنا۔توڑ پھوڑ کرنا۔مصیبت یا آفت نازل کرنا۔برباد کرنا۔سبوتاژ کرنا۔تاراج کرنا۔

تَخْرِیبِیّ : تباہ کن۔برباد کرنے والا۔تاراج کرنے والا۔ویران کرنے والا۔

عَمَلٌ تَخْرِیبِیّ : تباہ کاری۔سبوتاژ۔

تَخْرِیج : مَنْحُ شَهَادِ التَّخَرُّج : تقسیم اسناد کی تقریب۔رسم دستار بندی۔

تَخْرِیج : تَأْوِیل، تَفْسِیر : ترجمانی۔تشریح۔تفسیر۔توضیح۔

تَخْرِیج (فی الخِیَاطَة) : سنجاف لگانا۔استرکاری۔

حَفْلَةُ تَخْرِیج : تقسیم اسناد کی تقریب۔

تَخْرِیم : چھیدنا۔سوراخ کرنا۔پنچ کرنا۔پنکچر کرنا۔ڈرل کرنا۔بور کرنا۔لیس ٹانکنا۔لیس کاری کرنا۔زردوزی۔طلاکاری۔

تَخْرِیمَة : سوزن کاری۔لیس لگانا۔زردوزی۔طلاکاری۔

تَخْزِین۔رک به خَزْن.

تَخَشَّبَ : صارَ خَشَبًا أو خَشَبِیًّا، تَجَمَّدَ : لکڑی بن جانا۔سخت ہونا۔جم جانا۔فریز ہوجانا۔ٹھوس کرنا۔

تَخْشِیب : تَحْوِیلٌ إلی خَشَب : لکڑی کی شکل اختیار کرنا۔

تَخْشِیبَة : کُوخ : جھونپڑی۔جھونپڑا۔

تَخَصَّصَ بِ أوفی : اِخْتَصَّ فِی عِلْمٍ مِنَ العُلُوم : مہارت یا تخصص حاصل کرنا۔سپلائزیشن۔

تَخَصَّصَ بِ : اِمْتَازَ بِ، اِنْفَرَدَ بِ۔رک به اِخْتَصَّ بِ.

تَخَصُّص : اِخْتِصَاص : تخصص امتیاز۔مہارت۔

تَخْصِیب۔رک به أخْصَاب.

تَخْصِیص : تَحْدِید : مخصوص کرنا۔متعین کرنا۔منفرد کرنا۔

تَخْصِیص : أفْرَاد : نشان زد کرنا۔مخصوص کرنا۔منفرد بنانا۔ملقب کرنا۔کنارے رکھ دینا۔ایک طرف کرنا۔

تَخْصِیص : تَکْرِیس : وقف کرنا۔جان مارنا۔سخت محنت کرنا۔چڑھاوا چڑھانا۔تبرک سمجھنا۔

تَخْصِیص : تَحْصِیص : الاٹ کرنا۔مخصوص کرنا۔حصہ بانٹ دینا۔حد بندی کردینا۔تفویض کرنا۔

علی (وَجْهِ) التَّخْصِیص۔رک به خُصُوصًا، علی (وَجْهِ) الخُصُوص.

تَخْصِیصَات مُخَصَّصَات۔رک به مُخَصَّصَات.

تَخَضَّبَ : تَلَوَّنَ : رنگا جانا۔رنگدار ہونا۔پینٹ ہونا۔روغن ہونا۔

تَخَضَّبَ بِالدَّم : خون کے دھبے لگنا۔خون آلود ہونا۔

تَخَطَّی : تَجَاوَزَ، تَعَدَّی : قدم آگے بڑھانا۔حد سے نکلنا۔آگے نکلنا۔سبقت کرنا۔تجاوز کرنا۔نیچے چھوڑنا۔جالینا۔آگے ہوجانا۔

تَخَطَّی : اِعْتَدَی علی : حد سے تجاوز کرنا۔زیادتی کرنا۔دست درازی کرنا۔پیش دستی کرنا۔

تَخَطَّی : أغْفَلَ : نظر انداز کرنا۔چشم پوشی کرنا۔پاک سے گزر جانا۔

تَخَطَّی : اِجْتَازَ، عَبَرَ : عبور کرنا۔آگے نکل جانا۔بیچ میں سے گزر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جانا۔

تَخَطَّرَ : تَبَخْتَرَ، اِختالَ : اترنا۔متکبرانہ چال چلنا۔اکڑ کر یا تن کر چلنا۔

تَخَطَّرَ : تَرَجَّعَ، تَذَبْذَبَ۔رک بہ خَطَرَ۔

تَخْطِیط : تَسْطِیر، تَقْلِیم : خاکہ کھینچنا۔سطریں کھینچنا۔لائن لگانا۔ٹریس کرنا۔تراشنا۔دھاریاں ڈالنا۔

تَخْطِیط : تَعْیِینُ الحُدُود : نقشہ کشی۔حد بندی۔

تَخْطِیط : وَضْعُ الخِطَط : منصوبہ بندی کرنا۔پلاننگ کرنا۔ڈیزائن بنانا۔پروجیکٹ بنانا۔اسکیم بنانا۔

تَخْطِیط : خِطَّة، مُخَطَّط : نقشہ۔پلان۔ڈیزائن۔پراجیکٹ۔اسکیم۔اسلوب۔ڈھنگ۔خاکہ۔

تَخْطِیطُ السَّمْع : سماعت کاری۔آلات۔سماعت کی خاکہ کشی۔

تَخطِیط القَلْب : امراض دل کی تشخیص وعلاج۔

تَخَفَّ (التَّخَفِّی) : بھیس بدلنا۔چھپ جانا۔پوشیدہ ہونا۔پوشیدگی۔

تَخَفَّی : بھیس بدلنا۔ماسک پہننا۔چھپ جانا۔پوشیدہ ہونا۔نظروں سے اوجھل ہونا۔نظروں سے دور ہونا یا ہٹ جانا۔منقطع کرنا کم سے کم کتر کرنا۔تخفیف کرنا۔

تَخْفِیف : ضِدّ تَثْقِیل : ہلکا کرنا۔

تَخْفِیف : أنْقاص : تخفیف کرنا۔کم کرنا۔گھٹانا۔

تَخْفِیف : تَلْطِیف تَسْکِین : ہلکا کرنا۔نرم کرنا۔پرسکون کرنا۔آرام دینا۔راحت دینا۔دھیما کرنا۔

تَخْفِیف : شَعْشَعَة، تَرْقِیق : پتلا کرنا۔رقیق کرنا۔

تَخْفِیفُ حِدَّةِ التَّوَتُّر : کھچاؤ کم کرنا۔

تَخْفِیفُ السُّرْعَة : رفتار کم کرنا۔آہستہ چلنا۔

تَخَلَّی عن : تَنَازَلَ عن : چھوڑ دینا۔ترک کرنا۔دستبردار ہونا۔تخت سے یا منصب سے دستبردار ہونا۔

تَخَلَّی عن : خَذَلَ : ضرورت کے وقت ہاتھ کھینچنا۔

تَخَلْخَلَ : اِنْخَلَعَ، اِنْفَکَّ : جوڑ ہل جانا۔جدا ہونا۔الگ ہونا۔ڈھیلا ہونا۔

تَخَلَّصَ مِنْ : نَبَذَ، اِطَّرَحَ، أزَالَ : خلاصی پانا۔رہائی پانا۔پھینک دینا۔دور کر دینا۔ہٹا دینا۔

تَخَلَّصَ مِنْ : نجات پانا۔ختم کرنا۔جان چھڑانا۔

تَخَلَّعَ : تَفَکَّکَ : الگ ہونا۔جدا ہونا۔کھل جانا۔اتر جانا۔

تَخَلَّفَ (عن) : تَأَخَّرَ : پیچھے رہنا۔تاخیر کرنا۔پچھڑ جانا۔

تَخَلَّفَ عن الحُضُور : پہنچنے سے رہ جانا۔نہ پہنچنا۔حاضر نہ ہونا۔

تَخَلَّفَ عَنِ الدَّفْع : نادہندہ ہونا۔باقی دار ہونا۔ادائیگی نہ کرنا۔

تَخَلَّفَ عَقْلِیًّا : ذہنی طور پر پست ہونا۔عقلی پستی۔پیچھے رہ جانا۔دیر کرنا۔

تَخَلُّف : تَأَخُّر : پیچھے رہ جانا۔دیر کرنا۔

تَخَلُّف عَنِ الدَّفْع : نادہندہ ہونا۔باقی دار ہونا۔بروقت ادائیگی نہ کرنا۔

تَخَلُّف (حَضَارِیّ ألخ) : غیر ترقی یافتہ ہونا۔ترقی پذیر ہونا۔پسماندہ ہونا۔

تَخَلُّف عَقْلِیّ : ذہنی یا عقلی روک۔ذہنی ناپختگی۔

تَخَلَّقَ : اِتَّخَذَ شَکْلاً : شکل اختیار کرنا۔صورت پذیر ہونا۔بن جانا۔گھڑ جانا۔

تَخَلَّقَ بِأخْلاقِ کَذَا : اخلاق اپنانا۔عادات اختیار کرنا۔

تَخَلَّلَ : تَوَسَّطَ : خلل اندازی کرنا۔خلل ڈالنا۔دراندازی کرنا۔درمیان میں آ کودنا۔

تَخَلَّلَ : نَفَذَ، اِخْتَرَقَ : خلل انداز ہونا۔سرایت کرنا۔جذب ہونا۔گھسنا۔دخل انداز ہونا۔

تَخَلَّلَ : نَقَّی أسْنانَهُ : دانتوں میں خلال کرنا۔

تَخَلَّلَ : صارَ خَلًّا : ترش بن جانا۔سرکہ بن جانا۔

تَخْلِیَة : تَرْک : خالی کرنا۔چھوڑ دینا۔ترک کرنا۔اکیلے چھوڑ دینا۔رہا کرنا۔آزاد کرنا۔

تَخْلِیَةُ سَبِیل۔رک بہ أخْلاءُ سَبِیل۔

تَخْلِید : مَصْدَر خَلَّدَ، تَأْبِید : مستقل کر دینا۔لازوال کر دینا۔لافانی بنا دینا۔

تَخْلِیدُ ذِکْرَی (کَذَا) : یادگار۔

تَخْلِیص : أنْقاذ، تَحْرِیر : رہائی دینا۔بچا نکالنا۔آزاد کرنا۔نجات دینا۔

تَخْلِیصُ البَضَائِع (جُمْرُکِیًّا) : کسٹم سے سامان چھڑوانا۔کسٹم کلیرنس

تَخِمَ : أصِیبَ بِتُخْمَة : بدہضمی کی شکایت ہونا۔گھٹن پر خوری کا اثر محسوس کرنا۔

تَخْم، تُخْم : حَدّ، طَرَف : حد۔سرحد۔بارڈر۔کنارہ۔آخری حد۔انتہاء۔

تُخْمَة : بدہضمی۔سوءہضم۔

تَخَمَّرَ، تَخَمُّر۔رک بہ اِخْتَمَرَ، اِخْتِمَار۔

تَخْمِیر : خمیر کرنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَخْمِيرُ العَجِين : آٹا خمیر کرنا۔آٹا گوندھنا۔

تَخْمِيرُ البِيرَة : شراب تیار کرنا۔

تَخْمِين : حَزْر : اندازہ لگانا۔قیاس آرائی کرنا۔

تَخْمِين : تَقْدِير : اندازہ لگانا۔قدر شناسی کرنا۔مقدار کا اندازہ لگانا۔قیمت لگانا۔

تَخَنَّثَ : مخنث بن جانا یا ہونا۔نامرد ہونا۔

تَخَنُّث : نامردی۔مخنث پن۔

تَخَوَّفَ، تَخَوُّف۔رک بہ خاف، خَوْف.

تَخْوِيف : أَرْهَاب، تَرْوِيع : ڈرانا۔دھمکانا۔رعب ڈالنا۔دہشت زدہ کر دینا۔دہشت گردی کرنا۔

تَخْوِيل : تَفْوِيض : اختیار دینا۔مختار بنانا۔نمایندہ بنانا۔سفیر مقرر کرنا۔

تَخَيَّرَ، تَخَيُّر۔رک بہ اِخْتار، اِخْتِيَار.

تَخَيَّلَ الشَّيْءَ : تَصَوَّرَهُ : تصور کرنا۔خیال کرنا۔کسی چیز یا بات کا تصور کرنا۔

تَخَيَّلَ لَهُ الشَّيْءُ : تَصَوَّرَ لَهُ : سجھائی دینا۔خیال میں آنا۔ذہن میں آنا۔دکھائی دینا۔

تَخَيُّل : تصور۔تخیل۔سوچ۔فکر۔پیش بینی۔قیافہ۔قوت خیال۔

تَخْيِيب : أَخْبَاط : دل توڑنا۔شکست دینا۔مایوس کر دینا۔مات دینا۔

تَخْيِيبُ الأَمَل : امید توڑنا۔مایوس کرنا۔

تَخْيِير : مَنْحُ حُرِّيَةِ الاخْتِيَارِ كِ : اختیار دینا۔کسی کو اس کی مرضی کا کام کرنے دینا۔آزادی دینا۔

تَخْيِيط۔رک بہ خِيَاطَة.

تَخْيِيم : عَسْكَرَة : کیمپ لگانا۔خیمہ زن ہونا۔خیمے ڈالنا۔ڈیرہ ڈالنا۔چھاؤنی بنانا۔

تَدَابَرَ : ضِدَّ تَوَاجَهَ أو تَقَابَلَ : پیٹھ کے ساتھ پیٹھ لگانا۔ہاتھ پشت بہ پشت ہونا۔

تَدَاخَلَ : دَخَلَ بَعْضُهُ فِي بَعْض : تداخل کرنا۔ایک پر دوسری چیز آجانا۔ایک دوسرے میں گھس جانا۔

تَدَارَسَ : مطالعہ کرنا۔جائزہ لینا۔احتیاط سے دیکھنا۔آزمانا پرکھنا۔بات چیت کرنا۔تبادلہ خیال کرنا۔

تَدَارَكَ : أَصْلَحَ، سَدَّ النَّقْصَ : تدارک کرنا۔اصلاح کرنا۔کمی پوری کرنا۔

تَدَارَكَ : تَفَادَى، اِتَّقَى : تدارک کرنا۔روکنا۔پیش بندی کرنا۔ٹالنا۔حفاظت کرنا۔

تَدَاعَى : تَقَلْقَلَ : لڑکھڑانا۔گرنے کے قریب ہونا۔ٹوٹ پھوٹ جانا۔

تَدَاعَى : اِنْهَارَ، تَقَوَّضَ : ڈھیر ہونا۔گر پڑنا۔اوندھا گرنا۔ریزہ ریزہ ہونا۔چور چور ہونا۔

تَدَاعَى : دَعَا بَعْضُهُمْ بَعْضاً : ایک دوسرے کو پکارنا۔

تَدَاعَى : تَقَاضَى : ایک دوسرے پر دعوی کرنا۔یا مقدمہ کرنا۔

تَدَافَعَ القَوْمُ : ایک دوسرے کو دھکیلنا۔دھکم پیل کرنا۔

تَدَاوٍ (التَّدَاوِي) : علاج کرانا۔دوا استعمال کرنا یا کرانا۔

تَدَاوَى : علاج کرانا۔طبی معالجہ کرانا۔

تَدَاوَلَ : تَبَاحَثَ، تَشَاوَرَ : مشاورت کرنا۔باہم گفت وشنید کرنا۔تبادلہ خیال کرنا۔

تَدَاوَلَ : تَنَاقَلَ : گھمانا پھرانا۔ایک دوسرے کو بتانا۔

تَدَاوَلَ : تَعَاقَبَ، تَنَاوَبَ : باری مقرر کرنا۔ایک دوسرے کے بدلے کام کرنا۔باری باری کام کرنا۔

تَدَاوَلَتْهُ الأَلْسُنُ : زبان زد ہونا۔افواہ بن جانا۔موضوع شہر بن جانا۔

تَدَاوَلَتْهُ الأَيْدِي : دست بدست گھومنا یا پھرنا۔ایک دوسرے کے ہاتھ آنا یا لگنا۔

تَدَاوُل : رَوَاج، اِنْتِشَار : رواج۔چلن۔

تَدَاوُل : تَعَاقُب، تَنَاوُب : باری باری کرنا۔باری مقرر کرنا۔

تَدَاوُل : مُدَاوَلَة۔رک بہ مُدَاوَلَة.

تَدَبَّرَ : تَأَمَّلَ : سوچ بچار کرنا۔غور وفکر کرنا۔

تَدَبَّرَ : دَبَّرَ : تدبیر کرنا۔بندوبست کرنا۔انتظام کرنا۔

تَدْبِيج : تَزْيِين : بناؤ سنگھار کرنا۔آرائش وپیرائش کرنا۔سنوارنا۔خوبصورت بنانا۔

تَدْبِيج : تَأْلِيف، كِتَابَة : کتاب لکھنا۔تالیف کرنا۔تصنیف کرنا۔بندوبست کرنا۔تیار کرنا۔خاکہ کھینچنا۔سوچ بچار کرنا۔

تَدْبِير : تَنْظِيم : منظم کرنا۔بندوبست

تَدْبِير : أَدَارَة : انتظام کرنا۔بندوبست کرنا۔نظم ونسق چلانا۔

تَدْبِير : اِقْتِصَاد : بچت کرنا۔کم خرچ کرنا۔کفایت شعاری کرنا۔

تَدْبِير : حُصُولٌ على : حاصل کرنا۔لینا۔

تَدْبِير : أَجْرَاء : تدبیر اسکیم۔طریق کار۔عمل درآمد کرنا۔

تَدْبِيرٌ مَنْزِلِيّ : خانہ داری گھر کا انتظام چلانا۔

تَدْبِيرٌ وِقَائِيٌّ أو تَحَفُّظِيٌّ أو احْتِرَازِيٌّ أو احْتِيَاطِيّ : احتیاطی تدبیر۔بچاؤ کی تدبیر۔

تَدْجِيل۔رک بہ دَجَل.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَدْجِين : تَرْوِيض : سدھانا۔پالتو بنانا۔
تَدَحْرَجَ : لڑھکنا۔
تَدَخَّلَ فی : داخل اندازی کرنا۔مداخلت کرنا۔دھرنا۔گڑبڑ کرنا۔
تَدَخُّل : مداخلت۔دراندازی۔دخیل کاری۔گڑبڑ۔
عَدَمُ التَّدَخُّل : دخل نہ دینا۔غیر جانبدار۔
تَدْخِين (سِيجَارَةٍ الخ) : سگریٹ پینا۔حقہ پینا۔
تَدْخِين : مُعَالَجَةٌ بِالدُّخَان : بھاپ لینا۔بھاپ سے علاج کرنا۔دھونی دینا۔
تَدَرَّبَ (علی، فی) : تَمَرَّنَ : مشق کرنا۔تربیت پانا۔ٹریننگ لینا۔ورزش کرنا۔
تَدَرَّبَ (علی، فی) : تَمَهَّنَ : ہنر سیکھنا۔شاگردی کرنا۔
تَدَرُّب : تَمَرُّن : تربیت پانا۔مشق کرنا۔شاگردی۔
تَدَرُّب : تَمَهُّن : شاگردی۔ ہنر آموزی۔
تَدَرَّجَ (الی) : تَقَدَّمَ، اِرْتَقَی، صَعِدَ : قدم بہ قدم آگے بڑھنا۔
تَدَرَّجَ : تَأَلَّفَ مِنْ دَرَجَات : درجہ بند ہونا۔
تَدَرَّجَ : تَمَرَّنَ : تربیت پانا۔شاگردی کرنا۔زیر تربیت رہنا۔
تَدَرُّج : آہستہ آہستہ آگے بڑھنا۔یا پیش رفت کرنا۔شاگردی کرنا۔
تَدَرُّجُ الرُّتَب، تَدَرُّجٌ هَرَمِيّ : مذہبی پیشوائی۔نظام خانقاہی۔
بِالتَّدَرُّج۔رک بہ تَدْرِيجِيًّا.
تَدْرُج، تُدْرُج(طائر) : تیتر۔چکور۔
تَدَرُّجٌ آسْيَوِي (طائر) : ایشیائی چکور یا تیتر۔
تَدَرُّجِيّ : تَدْرِيجِيّ : بتدریج۔درجہ بدرجہ۔آہستہ آہستہ۔
تَدَرُّجِي : تَسَلْسُلِي : مسلسل،سلسلہ وار۔
تَدَرَّعَ : لَبِسَ الدِّرْعَ : زرہ بکتر پہننا۔مسلح ہونا۔ہتھیار سجالینا۔
تَدَرَّنَ : ٹی بی کا مریض ہوجانا۔سل کی بیماری لگنا۔
تَدَرُّن : سِلّ : سل۔ٹی بی کی بیماری
تَدْرِيب : تَمْرِين، تَعْوِيد : ٹریننگ۔تربیت۔مشق۔کوچنگ۔
تَدْرِيبٌ عَسْكَرِيّ : فوجی تربیت۔
تَدْرِيبٌ مِهْنِيّ : دستکاری کی تربیت۔
تَدْرِيج : تَقْسِيمٌ اِلَی دَرَجَات : درجہ بندی۔
تَدْرِيج : تَرْوِيج : رواج دینا۔عام کرنا۔گردش کرانا۔پھرانا۔
تَدْرِيجًا، بِالتَّدْرِيج۔رک بہ تَدْرِيجِيًّا.
تَدْرِيجِيّ : بتدریج۔آہستہ آہستہ۔
تَدْرِيجِيًّا : بتدریج۔تدریج کے ساتھ۔آہستہ آہستہ۔

تَدْرِيس : پڑھانا۔سکھانا۔
تَدْرِيسِيّ : پڑھانے سے متعلق۔
تَدْشِين : اِفْتِتَاح : افتتاح۔
تَدْعِيم۔رک بہ دَعْم.
تَدَفَّأَ : اِسْتَدْفَأَ، اِدَّفَأَ : گرم ہونا۔
تَدْفِئَة : تَسْخِين : گرم کرنا۔
تَدْفِئَةٌ مَرْكَزِيَّة : مرکزی گرمائش کا نظام۔سنٹرل ہیٹنگ۔
تَدَفَّقَ : بہنا۔امڈنا۔ابلنا۔پھوٹ پڑنا۔پھوٹ نکلنا۔امڈ پڑنا۔ابل کر باہر آنا۔
تَدْقِيق : بَحْث، تَحْقِيق : جانچ پڑتال کرنا۔محتاط جانچ کرنا۔تفتیش کرنا۔جستجو اور تلاش کرنا۔معاینہ کرنا۔چیک کرنا۔تصدیق کرنا۔
تَدْقِيق : دِقَّة۔رک بہ دِقَّة.
تَدْقِيقُ الحِسَابَات : آڈٹ۔پڑتال۔
تَدَلَّ(التَّدَلِّي) : لٹکنا۔نیچے لٹکنا۔جھکنا۔شش و پنج میں پڑنا۔
تَدَلَّی : تَعَلَّقَ، هَبَطَ : لٹکنا۔معلق ہونا۔
تَدَلَّلَ : تَغَنَّجَ : نازنخرے کرنا۔
تدلُّل۔رک بہ دَلَال.
تَدْلِيس : غِشّ، خِدَاع : فراڈ۔دھوکہ۔فریب۔دغا۔
تَدْلِيک : مالش۔مکنا۔
تَدْلِيل (علی) : اِثْبَات : دلیل دینا۔ثبوت دینا۔طے کرنا۔قرار دینا۔دکھانا۔
تَدْلِيلٌ علی سِلْعَة : نیلام کرنا۔نیلامی کے ذریعے فروخت کرنا۔
تَدْلِيل : تَغْنِيج : لاڈ پیار کرنا۔لاڈ سے خراب کرنا۔ناز و نعمت سے پالنا۔
تَدَمَّرَ : تباہ و برباد ہونا۔ویران ہونا۔ٹوٹ پھوٹ جانا۔بہہ جانا۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تَدْمِير : تباہ کرنا۔برباد کرنا۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ویران کرنا۔سبوتاژ کرنا۔ریزہ ریزہ کرنا۔
تَدْمِيرِيّ : تباہ کن۔ویران کن۔تخریب کرنے والا۔ریزہ ریزہ کرنے والا۔
تَدَنَّ (التَّدَنِّي) : هُبُوط، اِنْخِفَاض : گرنا۔ڈوبنا۔گڑپڑنا۔کم ہونا۔گرجانا۔
تَدَنّ : مُسْتَوًی مُنْخَفِض، رَدَاءَة : نچلی سطح۔گھٹیا۔مسکینی۔خرابی۔برائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَدَنّٰی : هَبَطَ، اِنْخَفَضَ : ڈوبنا۔گرنا۔گھٹ جانا۔کم ہونا۔نیچے گرنا۔

تَدَنَّسَ : کم تر۔فروتر۔بدتر۔نجس ہونا۔غلیظ اور گندہ ہوجانا۔ناکارہ ہونا۔ داغدار ہونا۔ناپاک ہونا۔ناصاف ہونا۔

تَدْنِیس : تَنْجِیس، تَلْوِیث : گندہ کرنا۔نجس کردینا۔آلودہ کرنا۔

تَدْنِیس : اِنْتِهَاکُ الْحُرْمَة : بے عزتی کرنا۔بے حرمتی کرنا۔عصمت دری کرنا۔

تَدَهْوَرَ : وَقَعَ، تَحَطَّمَ : گراوٹ کا شکار ہونا۔گرنا۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

تَدَهْوَرَ : اِنْحَطَّ، تَقَهْقَرَ : گرنا۔نیچے گرنا۔پسپا ہونا۔زوال پذیر ہونا۔

تَدَهْوُر : وُقُوع تَحَطُّم : گراوٹ۔تنزلی۔ٹکڑے ٹکڑے۔ہونا۔

تَدَهْوُر : اِنْحِطَاط، تَقَهْقُر : گراوٹ۔انحطاط۔پسپائی۔

تَدْوِیر : جَعْلُ الشَّیءِ یَدُور : موڑنا۔پھیرنا۔لوٹانا۔گھمانا۔چکر دینا۔

تَدْوِیر : تَشْغِیل : چلانا۔کام پر لگانا۔چالو کرنا۔حرکت دینا۔

تَدْوِیرُ السَّاعَة : گھڑی کو چابی دینا۔

تَدْوِیرُ الْعَدَدِ اَوِ الرَّقْم : عدد کو مکمل کرنا۔

تَدْوِیل : مَصْدَر دَوَّلَ : بین الاقوامی بنانا۔

تَدْوِین : تَسْجِیل : مدون کرنا۔ریکارڈ کرنا۔رجسٹرڈ کرنا۔درج کرنا۔

تَدْوِین : قَیْد : درج کرنا۔ریکارڈ کرنا۔لکھنا۔

تَدَیَّنَ : اِقْتَرَضَ۔رک به اِسْتَدَانَ.

تَدَیَّنَ بِدِینٍ اَلخ : اِعْتَنَقَ۔رک به دانَ

تَدَیُّن : وَرَع : دین داری۔پرہیزگاری۔تقوی۔

تَذَابَحَ : ایک دوسرے کو ذبح کرنا۔

تَذَاکَرَ : تَدَاوَلَ، تَبَاحَثَ : باہم مشورہ کرنا۔باہم گفتگو کرنا۔

تَذَاکُر۔رک به مُذَاکَرَة

تَذَبْذَبَ : خَطَرَ : مذبذب ہونا۔ارتعاش پیدا ہونا۔ہلنا۔حرکت کرنا۔ جھولنا۔

تَذَبْذَبَ : تَرَدَّدَ : تامل کرنا۔سوچ میں پڑجانا۔فیصلہ نہ کرسکنا۔ مذبذب ہونا۔متردد ہونا۔شش و پنج میں پڑنا۔

تَذَبْذُب : خَطَرَان : تذبذب۔ارتعاش۔جھولنا۔

تَذَبْذُب : تَرَدُّد : تردد تذبذب۔تامل۔فیصلہ نہ کرسکنا۔

تَذْرُح، تُذْرُح (طائر)۔رک بهتَدْرُج، تُدْرُج

تَذَرَّعَ بِـ : بطور ذریعہ استعمال کرنا۔بطور معذرت پیش کرنا۔بطور دلیل بات کرنا۔صفائی پیش کرنا۔الزام دینا۔دعوی کرنا۔

تَذَرُّع : ذرائع کا استعمال۔ معذرت پیش کرنا۔الزام دینا۔دعوی کرنا۔ معذرت کرنا۔

تَذْکَار : یادگار۔نشانی۔

تَذْکَارِیّ : بطور یادگار۔بطور نشانی۔

نُصُبٌ تَذْکَارِیّ : یادگار منانا۔یادگار قائم کرنا۔

تَذَکَّرَ : یاد کرنا۔یاد آنا۔ذہن میں رکھنا۔دل میں رکھنا۔

تَذَکُّر : یاد۔حافظہ۔یادداشت۔

تَذْکِرَة : شَیْءٌ یُذَکَّر : یاددہانی۔

تَذْکِرَة : بِطَاقَة : ٹکٹ۔کارڈ۔سلپ۔

تَذْکِرَةُ دُخُول : داخلہ ٹکٹ۔پاس۔

تَذْکِرَةُ ذَهَابٍ و اِیَاب : آمدورفت کا ٹکٹ۔

تَذْکِرَةُ مُرُور : راہداری۔پاسپورٹ۔

تَذْکِرَةُ هُوِیَّة، تَذْکِرَةُ نُفُوس : شناختی کارڈ۔

تَذْکِیر : جَعْلُ الْمَرْءِ یَتَذَکَّر : یادہانی۔یاددلانا۔

تَذْکِیر (لغة) : مذکر بنانا۔مذکر کا صیغہ بنانا۔

تَذَلَّلَ (کِ) : عاجزی کرنا۔انکساری کرنا۔ اپنے آپ کو گرانا۔

تَذَلُّل : عاجزی۔انکساری۔گریہ وزاری۔

تَذَمَّرَ : شکایت کرنا۔بڑبڑانا۔پیچھے پڑجانا۔ناک میں دم کرنا۔

تَذَمُّر : شکایت۔بڑبڑاہٹ۔

تَذْهِیب : سنہرا بنانا۔سونے کا پانی چڑھانا۔

تَذَوَّقَ : چکھنا۔ذمے لینا۔محفوظ ہونا۔داد دینا۔

تَذْوِیب۔رک به اَذَابَة.

تُرَی، یاتُرَی، یاهَلْ تُرَی : تعجب ہے۔تم کیا کہتے ہو۔تم کیا سوچتے ہو۔ تمہاری رائے کیا ہے۔دنیا میں روئے زمین پر۔ہمیشہ۔قطعاً

تَرَائَی لَهُ : بَدَالَهُ : دکھائی دینا۔نمایاں ہونا۔سامنے آنا۔

تَرَائَی لَهُ : تَخَیَّلَ : تصور کرنا۔خیال کرنا۔پیش بینی کرنا۔

تُرَاب : مٹی۔گرد وغبار۔

تُرَابَة : سیمنٹ۔

تَرَابَطَ : باہم رابطہ کرنا۔باہم ملاپ کرنا۔جڑ جانا۔اکٹھے ہونا۔مل جانا۔جوڑا بن جانا۔یک جان ہوجانا۔

تَرَابُط : باہمی تعلق۔باہمی رابطہ۔

تُرَابِیّ : خاکی۔زمینی۔خاکستری۔گرد آلود۔

تُرَاث : وراثت۔میراث۔

تَرَاجَعَ : اِرْتَدَّ، اِنْحَسَرَ : پسپا ہونا۔واپس لوٹنا۔زوال پذیر ہونا۔درجہ گھٹنا۔دھیما پڑجانا۔سست ہوجانا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَـرَاجَـعَ (عن) : سَحَبَ : واپس کھنچ جانا۔دستبردار ہونا۔دستکش ہونا۔

تَرَاجُع : اِرْتِداد، اِنْحِسار : واپسی۔پسپائی۔تنزلی۔

تَرَاخَی : سست ہونا۔ڈھیلا ہونا۔

تَرَادَفَ (بِت الکَلِماتُ) : کلمات والفاظ کا ہم معنی ہونا۔

تَرَادُف (الکَلِماتِ) : ہم معنی ہونا۔

تَرَأَّسَ۔رک بہ رَأَسَ.

تَرَاسَلَ : تَکَاتَبَ : خط وکتابت کرنا۔

تَرَاسُل : خط وکتابت۔

تَرَاشَقَ (بِ) : ایک دوسرے کی طرف کچھ پھینکنا۔لڑھکانا۔

